ABC CERTIFEID
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیرالاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹر: راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر: اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | جمعرات 9 جولائی 2026ء، 22 محرم الحرام 1447ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 310
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

ایران امریکہ جنگ پھر شروع

معاہدہ ختم ہو گیا، ٹرمپ
منہ توڑ جواب دینگے، ایران
فریقین عدم پاسداری
کریں، پاکستان

ایرانیوں سے ڈیل نہیں کرنا چاہتا، انہیں بتا دیا تھا جب بھی حملہ کرو گے تو ہم بھی حملہ کریں گے، ہمارا مقصد ایران کو جوہری صلاحیت سے محروم کرنا ہے، امریکی صدر

امریکا کے حملے مفاہمتی یادداشت کی کھلی خلاف ورزی ہیں، ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی: خطے میں نئی جنگ کسی کے مفاد میں نہیں، ترجمان وزارت خارجہ پاکستان

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ کیے گئے معاہدے کے حوالے سے کہا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران نے مفاہمتی یادداشت کی خلاف ورزی کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان نے ایران اور امریکا کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف گلگت بلتستان کیلئے سولر پراجیکٹ کے اجلاس کی صدارت کر رہے

وزارت داخلہ کا آڈٹ: 8 ارب 32 کروڑ کے اعتراضات عائد، کروڑوں کی بے ضابطگیوں کا انکشاف، 4 ارب کی ریکوری بھی نہ ہو سکی

ممنوعہ بور کے 16 ہزار لائسنس کے اجرا میں خامیاں، بلٹ پروف گاڑیوں اور اسلحہ لائسنس فیس جمع نہ ہوئیں، آڈیٹر جنرل رپورٹ

انٹرنل کنٹرول کے 41 کروڑ روپے سمیت اسلحہ لائسنس کو مینول بک سے مشین ریڈایبل نہ کرنے پر بھی حکام نے اعتراض عائد کیے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی رپورٹ 2025-26ء جاری کر دی گئی جس میں وزارت داخلہ میں 8 ارب 32 کروڑ روپے کے آڈٹ اعتراضات کی نشاندہی کی گئی ہے اور وزارت داخلہ کے ذیلی محکموں میں 4 ارب روپے سے زائد کی عدم ریکوری کا بھی انکشاف ہوا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ وزارت داخلہ پرمٹ اور اسلحہ لائسنسوں کی فیس بھی وصول کرنے میں ناکام رہا، بلٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

شہید علی خامنہ کا جسد خاکی روضہ علیؓ اور روضہ امام حسینؓ لایا گیا

آج امام رضاؑ کے مزار میں سپرد خاک کیا جائیگا

مزید 2 بار نماز جنازہ بھی ادا کی گئی، لاکھوں عراقی شہید رہبر معظم کی میت کے دیدار کے لیے آرہے ہے

نماز جنازہ اور جلوس میں ایرانی صدر مسعود پزیشکیان، عراقی وزیراعظم اور دیگر اعلیٰ حکام بھی شریک ہوئے

بغداد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے شہید سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کا جسد خاکی آج عراق کے شہروں نجف کے بعد کربلا حضرت امام حسینؑ کے روضے پر پہنچا دیا گیا جہاں لاکھوں سوگوار غم منا رہے ہیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق اس سے قبل شہید خامنہ ای کے جسد خاکی کو نجف شہر لایا گیا اور جلوس کی شکل میں حضرت علی کے روضے پر لایا گیا جہاں لاکھوں سوگواروں نے نماز جنازہ ادا کی تھی۔ کربلا میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

اسلام آباد، فیلڈ مارشل عاصم منیر نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی میں خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان میں آپریشن، 19 دہشت گرد ہلاک، فورسز کے 11 جوان شہید، حملوں میں بھارتی حمایت یافتہ پراکسیز ملوث، سہولت کاری افغان طالبان کر رہے ہیں: ڈی جی ISPR

دشمن کی پراکسیز بھی ناکام ہونگی: فیلڈ مارشل

سرحد پار سے ہونیوالی دہشت گردی کو کچل دیا جائیگا

مسلح افواج دشمن کی انٹیلی جنس ایجنسیاں مکمل باخبر، پراکسی عناصر کو پاکستان کے امن و خوشحالی کو نقصان پہنچانے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے

جنگیں بیان بازی یا سیاسی نعروں سے نہیں ایمان، اتحاد اور نظم و ضبط سے جیتی جاتی ہیں، سید عاصم منیر کا نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی دورہ پر افسران سے خطاب

سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان میں 4 روز میں 54 دہشگردوں کو جہنم واصل کیا، وطن عزیز کا دفاع کرتے 42 شہادتیں ہوئیں: لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا کہنا ہے کہ سرحد پار سے ہونے والی دہشگردی کو پوری قوت سے کچل دیا جائے گا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کا دورہ کیا اور نیشنل سیکیورٹی اینڈ وار کورس کے گریجویٹ افسران سے خطاب کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کورس میں تینوں مسلح افواج کے افسران شریک تھے، فیلڈ مارشل نے جنگ کی بدلتی ہوئی نوعیت پر روشنی ڈالی جبکہ مسلح افواج کی صلاحیتوں، بلند حوصلے اور آپریشنل تیاری پر اعتماد کا اظہار کیا۔ اس موقع پر شرکاء سے گفتگو میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا ہے کہ گزشتہ 4 روز میں بلوچستان میں دہشگردی کے 3 بڑے واقعات ہوئے، سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیوں میں 54 دہشگرد ہلاک ہوئے، 3 واقعات میں وطن عزیز کا دفاع کرتے ہوئے 42 شہادتیں ہوئیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

پاکستان کی سعودیہ سے 5 ارب ڈالر ڈپازٹس سرمایہ کاری میں تبدیلی کی درخواست

سٹیٹ بینک میں موجود 5 ارب ڈالر کے سعودی ڈپازٹس کو براہِ راست سرمایہ کاری میں تبدیل کرنے کی باضابطہ درخواست

سعودیہ فنڈز کو طویل مدتی سرمایہ کاری میں تبدیلی پر آمادہ، دونوں ممالک کا 4 بڑے، اہم شعبوں میں رقم منتقل کرنے پر اتفاق

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان معاشی تعاون کے حوالے سے ایک اور بڑی پیش رفت سامنے آئی ہے۔ پاکستان نے اسٹیٹ بینک میں موجود 5 ارب ڈالر کے سعودی ڈپازٹس کو براہِ راست سرمایہ کاری (FDI) میں تبدیل کرنے کی باضابطہ درخواست کر دی ہے، جس پر دونوں ممالک کے اعلیٰ حکام کے درمیان اہم مذاکرات جاری ہیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

سہیل سلطان کیس: وفاقی حکومت کا جواب جمع، بیرسٹر گوہر کو مہلت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے پی ٹی آئی کے رہنما اور رکن قومی اسمبلی سہیل سلطان کی اہلیت سے متعلق کیس میں وفاقی حکومت کا جواب ریکارڈ پر لے لیا، جبکہ حکومتی مؤقف کا جائزہ لینے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

لیاری ایلیویٹڈ ایکسپریس وے کے پی ٹی خود مکمل کرے قائمہ کمیٹی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اقتصادی امور نے تجویز کیا ہے کہ کراچی لیاری ایلیویٹڈ ایکسپریس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

زیارت واقعہ، چیئرمین سی ایم آئی ٹی کی سربراہی میں انکوائری کمیٹی تشکیل

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) مانگی ڈیم واقعہ کی تحقیقات کے لیے چیئرمین سی ایم آئی ٹی کی سربراہی میں اعلیٰ سطح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

سونا سستا: 4 لاکھ 30 ہزار 236 روپے تولہ ہوگیا

10 گرام سونے کی قیمت 4 ہزار 29 روپے کی کمی سے 3 لاکھ 68 ہزار 858 پر آ گئی

کراچی (بیورو رپورٹ) سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں آج مسلسل چوتھے دن قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں آج بدھ کے روز فی اونس سونے کی قیمت مزید 47 ڈالر کی کمی سے 4 ہزار 78 ڈالر کی سطح پر آنے کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی کاروباری ہفتے کے تیسرے دن فی تولہ سونے کی قیمت 4 ہزار 700 روپے کی کمی سے 4 لاکھ 30 ہزار 236 روپے کی سطح پر آ گئی۔ اسی طرح مقامی سطح پر فی 10 گرام سونے کی قیمت 4 ہزار 29 روپے کی کمی سے 3 لاکھ 68 ہزار 858 روپے ہو گئی۔ عالمی مارکیٹ میں فی اونس چاندی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

ہرمز، لبنان کی صورتحال معاہدہ غیر موثر بنا رہی ہے، ایران

خطے کے ممالک اپنی سرزمین کو امریکی حملوں کیلئے استعمال کی اجازت نہ دیں

تہران (آئی این پی) ایران نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز اور لبنان کی صورتحال عبوری معاہدے کو غیر موثر بنا رہی ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کی جانب سے بیان جاری میں کہا گیا کہ امریکی اقدامات بشمول ایران کے تیل کی فروخت کے لائسنس کی منسوخی اور نئے فوجی حملے نے موجودہ جنگ بندی کے کچھ حصوں کو غیر موثر بنا دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

وزیر قانون اعظم تارڑ اسلام آباد جوڈیشری کے افسران اور ججز میں سرٹیفکیٹس تقسیم کر رہے ہیں

گلگت بلتستان کیلئے 100 میگاواٹ سولر منصوبہ شفافیت سے عملدرآمد ہوگا: وزیر اعظم

82 میگاواٹ منصوبے سے 13 لاکھ افراد مستفید ہونگے، 499 سرکاری عمارتوں پر دسمبر تک سولر سسٹم نصب کرنے کا ہدف

ماحول دوست، صاف، سستی، پائیدار توانائی کا فروغ حکومت کی توانائی پالیسی کا اہم حصہ ہے، وزیراعظم کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے گلگت بلتستان کے لیے 100 میگاواٹ شمسی توانائی منصوبے پر عملدرآمد میں شفافیت، رفتار اور معیار کو یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ماحول دوست، صاف، سستی اور پائیدار توانائی کا فروغ حکومت کی توانائی پالیسی کا اہم حصہ ہے، جبکہ 100 میگاواٹ کا سولر منصوبہ وفاقی حکومت کی جانب سے گلگت بلتستان کے عوام کے لیے ایک خصوصی تحفہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

شارجہ سے کراچی آنے والے لاپتا طیارے کا ملبہ مل گیا

ملبہ اورماڑہ کے ساحل 53 ناٹیکل میل جنوب میں ملا، ریسکیو آپریشن جاری

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) شارجہ سے کراچی آتے ہوئے گزشتہ شب اورماڑہ کے قریب حادثے کا شکار ہونے والے نجی کارگو طیارے کا ملبہ مل گیا ہے جبکہ عملے کے ارکان کی تلاش جاری ہے۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (پی اے اے) نے بیان میں بتایا کہ نجی کمپنی کے کارگو طیارے کی تلاش کے لیے پاک بحریہ اور پی ایم ایس اے کا سرچ آپریشن جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

اسلام آباد، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب ایس ای سی پی ہیڈکوارٹرز میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

زیادتی، اغوا کیس، رضا ڈار سمیت 4 ملزمان کے ریمانڈ میں توسیع

معاملہ ریپ یا اغوا کا نہیں کرپٹو کرنسی کے تنازع سے متعلق تھا، وکیل کا موقف

لاہور (بیورو رپورٹ) کینٹ کچہری لاہور میں 2 غیر ملکی خواتین سے زیادتی اور اغوا کے مقدمے کی سماعت ہوئی۔ دوران سماعت رضا ڈار سمیت 4 ملزمان کو جسمانی ریمانڈ ختم ہونے پر عدالت میں پیش کر دیا گیا۔ سماعت کے دوران استغاثہ نے ریمانڈ میں توسیع کی استدعا کرتے ہوئے عدالت کو بتایا کہ ملزمان کے ڈی این اے اور فنگر پرنٹ ٹیسٹ کرائے گئے ہیں۔ پراسیکیوٹر نے عدالت کو بتایا کہ پولیس کو جرم میں مبینہ طور پر استعمال ہونے والی گاڑی کے ساتھ ساتھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

معاشی اشاریوں میں نمایاں بہتری آئی ہے، وزیر خزانہ

پاکستان کی اقتصادی کارکردگی مسلسل بہتر ہو رہی ہے، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ نئے مالی سال کے بجٹ کے تحت پاکستان کے معاشی بنیادی اشاریوں میں نمایاں بہتری آئی ہے اور مالیاتی پائیداری مزید مضبوط ہوئی ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے ایس اینڈ پی گلوبل ریٹنگز کے وفد نے ملاقات کی اور جس میں معاشی صورت حال، کریڈٹ پروفائل اور اصلاحاتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

اسرائیلی حراست من مانی اور بلاجواز ہے: اقوام متحدہ

جنیوا/غزہ (صباح نیوز): اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل (UNHRC) نے غزہ پٹی کے معروف فلسطینی معالج اور کمال عدوان اسپتال کے سابق ڈائریکٹر ڈاکٹر حسام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

کویت کا بجٹ خسارہ 23 ارب ڈالر تک پہنچ گیا

تیل کی آمدنی میں 2.11 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، وزارت خزانہ کویت

کویت سٹی (آئی این پی) کویت کا بجٹ خسارہ 23 ارب ڈالر تک پہنچ گیا، جبکہ اس کے تیل کی آمدنی میں 2.11 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، کویت کی وزارت خزانہ کے مطابق مالی سال 2025-26 میں ملک کا بجٹ خسارہ بڑھ کر 1.7 ارب کویتی دینار ہو گیا ہے جو 23 ارب ڈالر بنتے ہیں۔ وزارت کے جاری بیان کے مطابق بجٹ خسارے میں گزشتہ مالی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

ایرانی فروخت کا امریکی لائسنس منسوخ، خام تیل مہنگا

برینٹ اور ڈبلیو ٹی آئی خام تیل کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ

اسلام آباد (صباح نیوز): امریکا کی جانب سے ایرانی تیل کی فروخت کے لیے دیا گیا لائسنس منسوخ کیے جانے کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ تجزیہ کاروں کے مطابق اس فیصلے اور مشرقِ وسطی میں بڑھتی ہوئی کشیدگی نے توانائی کی عالمی منڈی میں خدشات کو مزید بڑھا دیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق امریکی انتظامیہ نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

اسلام آباد، قائمقام صدر سید یوسف رضا گیلانی سے رکن اسمبلی صلاح الدین جونیجو سمیت اہم شخصیات ملاقات کر رہے ہیں

جعلی شناختی کارڈ کیس: نادرا کے 3 افسر گرفتار

اسسٹنٹ ڈائریکٹر شہزاد محمد، سینئر ایگزیکٹو راجہ تیمور، انٹیلی جنس آفیسر سجید محمود شامل

اسلام آباد (آئی این پی) چکوال میں جعلی شناختی کارڈ کیس میں نادرا کے 3 افسر گرفتار ہو گئے۔ رپورٹ کے مطابق افغان شہری کو مبینہ طور پر جعلی پاکستانی شناختی کارڈ جاری کرانے کے مقدمے میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل اسلام آباد کی تحقیقات کے نتیجے میں درج مقدمے میں نامزد نادرا زونل بورڈ کے تین افسران گرفتار کر لئے گئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

نیٹو اتحاد ٹوٹا تو سلامتی خطرے میں پڑ جائے گی، اردوان

انقرہ (آئی این پی) ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان نے اتحاد کے تمام رکن ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ باہمی یکجہتی کو برقرار رکھیں، کیونکہ مضبوط اتحاد ہی اجتماعی سلامتی کی بنیاد ہے۔ نیٹو سربراہی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

شکاگو، وفاقی وزیر احسن اقبال پاکستان، امریکہ بزنس گروپ کے رہنماؤں سے خطاب کر رہے

31 ریلوے حادثات کی انکوائریاں التوا کا شکار، ذمہ داروں کیخلاف کارروائی نہ ہو سکی

قوانین کے مطابق غفلت اور لاپروائی کے مرتکب افسران اور ملازمین کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے تھی

لاہور ڈویژن کی 2، راولپنڈی ڈویژن کی 4 جبکہ پشاور اور کوئٹہ ڈویژن کی ایک، ایک انکوائری تاحال التوا کا شکار ہے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان ریلویز نہ صرف حادثات روکنے میں ناکام رہا بلکہ ان حادثات کی انکوائریاں بھی بروقت مکمل نہ کر سکا۔ اگر بعض انکوائریاں مکمل بھی ہوئیں تو ان پر اعلیٰ افسران نے مختلف اعتراضات لگا کر متعلقہ افسران کو بچانے کی کوشش کی، جبکہ قوانین کے مطابق غفلت اور لاپروائی کے مرتکب افسران اور ملازمین کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے تھی اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 2025 سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

مادرِ ملت فاطمہ جناحؒ عظیم، باوقار اور بااصول شخصیت تھیں، سیدال خان

برصغیر کے مسلمانوں میں آزادی کی نئی روح بیدار کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا، برسی پر پیغام

اسلام آباد (پ ر) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے مادرِ ملت محترمہ فاطمہ جناحؒ کی 59 ویں برسی کے موقع پر انہیں زبردست خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ فاطمہ جناحؒ پاکستان کی تاریخ کی ایک عظیم، باوقار اور بااصول شخصیت تھیں جنہوں نے قومی جدوجہد، جمہوری روایات اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے ناقابلِ فراموش خدمات انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

اسلام آباد، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کے ہمراہ جوڈیشنل فیلوشپ پروگرام کے جوڈیشل افسران کا گروپ فوٹو

پختونخوا اسمبلی میں پاس بل مضحکہ خیز ہے، طلال چودھری

پہلے کسی بھی اسمبلی نے ایسی قانون سازی نہیں کی، وزیر مملکت برائے داخلہ

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چودھری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا اسمبلی میں پاس ہونے والا بل مضحکہ خیز ہے، پہلے کسی بھی اسمبلی نے ایسی قانون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

گرمی میں مانگ بڑھ گئی، لوگوں کو لوڈشیڈنگ سے بچانے کی کوشش ہے، عمران خان

بارشیں نہ ہونے کی وجہ سے گرمی کی شدت میں بے پناہ اضافہ ہو گیا، ایس ڈی او چکلالہ

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) واپڈا چکلالہ سرکل کے ایس ڈی او عمران خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بارشیں نہ ہونے کی وجہ سے گرمی کی شدت میں بے پناہ اضافہ ہو گیا ہے ایسے میں بجلی کی ضرورت بھی بہت زیادہ ہو گئی ہے بجلی کی مانگ میں بے پناہ اضافہ ہو گیا ہے ہمارا محکمہ ہر ممکن کوشش کر رہا ہے کہ لوگوں کو لوڈ شیڈنگ کی اذیت سے بچایا جائے اگر ملک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

ایران کے حملے ناقابلِ قبول ہیں، یورپی یونین

برسلز (آئی این پی) یورپی یونین کی خارجہ پالیسی کی سربراہ کاجا کلاس نے کہا ہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان حالیہ فائرنگ کے تبادلے نے جنگ کے خاتمے کے لیے جاری پیچیدہ سفارتی کوششوں کو مزید مشکل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

پاسداران انقلاب کی 1 بحریہ اہلکار کی موت کی تصدیق

ایک فوجی امریکی حملے میں شہید ہو گیا ہے، تیسرے نیول ریجن کا اعلان

تہران (آئی این پی) امریکی فوج کے ایران پر نئے حملوں میں پاسداران انقلاب کی بحریہ کا ایک اہلکار جاں بحق ہو گیا۔ بی بی سی رپورٹ کے مطابق بندر محشر میں پاسداران انقلاب کے تیسرے نیول ریجن کے تعلقات عامہ کے دفتر نے اعلان کیا ہے کہ اس کا ایک فوجی آج صبح امریکی حملے میں مارا گیا ہے۔ اعلان میں کہا گیا ہے کہ پاسداران انقلاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

بھارت پانی کے حق پر ڈاکہ ڈالنے سے باز آئے، کور کمانڈرز کا انتباہ

چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے زیر صدارت 276 ویں کور کمانڈرز کانفرنس منعقد ہوئی جس میں ملکی سلامتی، دہشت گردی، علاقائی صورتحال، کشمیر، سندھ طاس معاہدہ اور قومی دفاع سے متعلق اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق کانفرنس کے آغاز میں شہدائے وطن کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی۔ فورم کے شرکاء نے اِس عزم کا اظہار کیا کہ انتشار کی ہر کوشش کو کچلا جائے گا۔ جائز آبی حق کے حصول کیلئے ہر ضروری اقدام کریں گے۔ خطے میں اَمن اور استحکام افغان طالبان کے زیرِ تسلط علاقوں پر بھارتی پراکیسوں کی روک تھام سے مشروط ہے، ہر سازش ناکام بنائی جائے گی۔ پاکستان کی خودمختاری اور قومی مفادات کا تحفظ ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے گا۔ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور خطے کے اَمن کا انحصار کشمیریوں کو اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق کشمیریوں کو اُن کا ناقابل تنسیخ حقِ خودارادیت فراہم کرنے پر ہے۔ آئی ایس پی آر نے مزید کہا کہ تمام کمانڈروں کو یہ ہدایت بھی کی گئی کہ وہ جنگ کے بدلتے ہوئے کردار کے مطابق ملٹی ڈومین ٹرانسفارمیشن پلان پر تیزی سے عمل درآمد یقینی بنانے کے ساتھ پاکستان کی خودمختاری اور قومی مفادات کا تحفظ بھی ہر قیمت پر یقینی بنائیں۔ فورم نے اِس عزم کا اعادہ کیا کہ شہداء کی لازوال قربانیاں ہمیشہ پاکستان کی سلامتی، اتحاد اور استقامت کی بنیاد رہیں گی۔ کور کمانڈرز کانفرنس نے افغان طالبان رجیم کے زیرِ تسلط علاقوں سے پاکستان پر بھارتی حمایت یافتہ دہشت گرد گروپوں کے حملوں کی منصوبہ بندی اور مسلسل استعمال پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا کہ افغان طالبان رجیم کی خودساختہ لیڈر شپ کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اُن کے زیرِ تسلط زمین پاکستان میں دہشت گردی کیلئے استعمال نہ ہونے دے۔ پاکستان دہشت گردی کے خلاف اپنے عوام کے تحفظ اور دفاع کا مکمل حق رکھتا ہے۔ پاکستان کی مسلح افواج آپریشن غضبُ للحق کے تحت افغان طالبان کے زیرِ قبضہ علاقوں سے ہونے والی دہشت گردی کے خلاف انٹیلی جنس کی بنیاد پر کارروائیاں جاری رکھیں گی اور دہشت گردی کے ہر خطرے کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔

کانفرنس میں اِس اَمر پر بھی زور دیا گیا کہ دہشت گردی سے متاثرہ علاقوں میں بہترین گورننس کا نظام فراہم کرنے کے لیے ایسا مضبوط انتظامی ڈھانچہ تشکیل دیا جائے جو نہ صرف عوامی خدمت اور فلاح و بہبود پر مرکوز ہو بلکہ مذموم سیاسی پشت پناہی میں پنپنے والے دہشت گردی اور جرائم کے گٹھ جوڑ کو بھی توڑ سکے۔ واضح کیا گیا کہ معرکہ حق میں عبرتناک شکست کے بعد دُشمن ہائبرڈ وارفیئر اور جھوٹے بیانیوں کی مدد سے پاکستان میں بداَمنی پھیلانا چاہتا ہے تاہم بیرونی مدد سے انتشار پھیلانے کی کسی بھی کوشش کو بنا کسی پس و پیش کچل دیا جائے گا۔ شرکاء نے علاقائی استحکام کو فروغ دینے اور کشیدگی میں کمی کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ سندھ طاس معاہدہ سے متعلق بھارت کے بیانات کا نوٹس لیتے ہوئے کور کمانڈرز کانفرنس نے واضح کیا کہ قومی سلامتی کمیٹی کی 24 اپریل 2025ء کی ہدایت اِس حوالے سے مکمل رہنمائی فراہم کرتی ہے۔ فورم نے اِس عزم کا اظہار بھی کیا کہ افواج پاکستان حکومتی ہدایات اور پاکستانی عوام کی اُمنگوں کے مطابق پاکستان کے پانی کے جائز حصے کی دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے تمام ضروری اقدامات کرنے سے قطعاً گریز نہیں کریں گی۔ اِس موقف کا بھی اعادہ کیا گیا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور خطے کے اَمن کا انحصار کشمیریوں کو اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق ان کا ناقابل تنسیخ حقِ خودارادیت فراہم کرنے پر ہے۔

پاکستان مسلسل بھارت کو تنبیہ کر رہا ہے کہ اُس کے پانی کے جائز حق پر ڈاکہ ڈالنے سے باز آئے لیکن بھارت دریائے چناب کے پانی کا رُخ موڑ کر دریائے بیاس میں ڈالنے سمیت کئی ایسے منصوبوں پر کام کر رہا ہے جن سے پاکستان میں آبی بحران پیدا ہو جائے۔ بھارت بظاہر یہ موقف اپناتا ہے کہ وہ پانی روک نہیں رہا بلکہ اُسے اپنے فائدے کے لیے استعمال کرنا چاہتا ہے تاہم سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کر کے وہ پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنا چاہتا ہے۔ دریاؤں پر پانی ذخیرہ کرنے یا اُن سے بجلی کے منصوبے بنانے سے زیادہ خطرناک وہ طریقہ کار ہے جو بھارت اپنا کر پاکستانی زراعت کو براہ راست اور پاکستان اور اُس کی معیشت کو بلاواسطہ نقصان پہنچانا چاہتا ہے۔ پاکستان زرعی ملک ہے، اِس کی معیشت کا دارومدار زراعت پر ہے، اِس کی بقاء ہی سے فصلوں کو وقت پر پانی کی فراہمی لازم ہے، اُس وقت جب پاکستان کو ضرورت ہو تو پانی کو روکے رکھے اور جب ضرورت نہ ہو تو اچانک پانی چھوڑ کر یہاں سیلابی صورتحال پیدا کر دے، یہ وہ طریقہ کار ہے جس کے ذریعے نہ صرف وہ پاکستان سے اپنی شکست کا بدلہ لینا چاہتا ہے بلکہ ہمیشہ کے لیے پاکستان کو اپنا مرہونِ منت بنانے کے خواب دیکھتا ہے۔ اِس طریقہ کار پر عملدرآمد چونکہ سندھ طاس معاہدے کے ہوتے ممکن نہیں تھا کیونکہ معاہدے کے تحت پانی کا حساب رکھنا ضروری تھا اور ایک دوسرے کو ہر طرح کی اطلاع دینا بھی لازم تھا، اِس لیے اُس نے معاہدے کو معطل کر کے من مانی شروع کر دی ہے۔ دوسری طرف وہ افغانستان کے ذریعے پاکستان میں دہشت گردی کی بھرپور کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے پاکستانی قیادت افغان طالبان حکومت کو بھی مسلسل اپنی سرزمین استعمال نہ ہونے دینے کا کہہ رہی ہے لیکن وہ بھی اپنی ہٹ دھرمی پر قائم ہے کیونکہ بھارت اُسے شہ دے رہا ہے۔ بھارت اپنی ہٹ دھرمی سے نہ پہلے باز آیا ہے اور نہ اب آئے گا، اُس کا اصل چہرہ دنیا کے سامنے آچکا ہے، حکومت کو چاہئے کہ وہ امریکہ سمیت عالمی طاقتوں کے ساتھ مل کر اِن مسائل کے پائیدار حل کی کوششیں تیز سے تیز تر کر دے تاکہ جنوبی ایشیا کا امن تہہ و بالا نہ ہو سکے یہاں آگ بھڑک اُٹھی تو اس کے شعلے دنیا بھر کو لپیٹ میں لے لیں گے۔

پاک ترک دوستی کا نیا دور!



پاکستان اور ترکیہ کے باہمی تعلقات محض دوستی اور تجارت سے کہیں بڑھ کر ہیں اور مختلف حالات و واقعات میں ان دونوں کے ایک دوسرے سے تعاون نے یہ ثابت کیا ہے کہ ان کے تعلقات کس قدر گہرے اور مضبوط ہیں۔ پاکستان نے کئی بار عالمی اور بین الاقوامی سطح پر مختلف النوع تنازعات و معاملات میں ترکیہ کا ساتھ دیا اور ترکیہ نے بھی ایسا ہی کر کے اس بات کا ثبوت دیا کہ وہ پاکستان کی دوستی کو کس قدر اہمیت دیتا ہے۔ گزشتہ سال مئی میں پاکستان کے خلاف بھارت نے جو عسکری کارروائی کی اس کے جواب میں پاکستان نے اسے ایسا مسکت جواب دیا کہ وہ آج تک اپنی عزت کی دھجیاں سمیٹ رہا ہے، اس واقعے کے بعد جن ملکوں نے آگے بڑھ کر پاکستان کا ساتھ دیتے ہوئے بھارت کی ناراضی کی ذرا سی بھی پروا نہیں کی ترکیہ ان میں سرِ فہرست تھا۔ پاکستان اور ترکیہ کی دوستی وقت گزرنے کے ساتھ نئے سانچوں میں ڈھل رہی ہے۔

اس سلسلے میں دونوں ممالک کے مابین کاروباری اور تجارتی تعلقات کی نئی جہتیں بھی پروان چڑھ رہی ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے دورۂ ترکیہ کے دوران اس حوالے سے خاص پیش رفت ہوئی ہے۔ شہباز شریف نے ترکیہ کے سرمایہ کاروں کو توانائی، آبی ذخائر، زراعت، خصوصی اقتصادی زونز، کان کنی و معدنیات، انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور دیگر شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اور ترکیہ کی باہمی اعتماد، احترام اور وقار پر مبنی دوستی کو مؤثر اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کیا جائے گا، ترکیہ نے ہر مشکل وقت میں پاکستان کا بھرپور ساتھ دیا ہے۔ بھارت کی طرف سے مسلط کردہ جنگ میں ترکیہ سمیت دوست ملکوں کی حمایت ہمیشہ یاد رہے گی، پاکستان کے مؤثر سفارتی کردار اور دوست ملکوں کی حمایت سے خطے میں امن قائم ہوا ہے۔ اب ضروری ہے کہ امن کے موقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔

ہفتے کے روز استنبول میں ہونے والی پاکستان ترکیہ بزنس ٹو بزنس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ترکیہ نے صدر اردوان کی بصیرت افروز قیادت میں صنعتی اور دیگر شعبوں میں شاندار ترقی کی ہے، ترکیہ کا صنعتی منظر نامہ مکمل طور پر تبدیل ہو چکا ہے، ہم ترکیہ کے ترقی کے تجربے سے استفادہ چاہتے ہیں، وزیراعظم نے کہا کہ کراچی میں خصوصی اقتصادی زون پورٹ قاسم سے صرف پانچ کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ وزیراعظم نے خصوصی اقتصادی زون میں صدر رجب طیب اردوان خصوصی اقتصادی زون کے نام سے ترکیہ کے سرمایہ کاروں کے لیے ایک ہزار ایکڑ راضی مختص کرنے کا اعلان کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ کان کنی اور معدنیات کے شعبے میں بھی سرمایہ کاری کی بڑی گنجائش موجود ہے، اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو معدنی دولت سے مالا مال کر رکھا ہے۔ باہمی تعاون سے ان سے استفادہ کی ضرورت ہے۔ اسی طرح انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور دیگر شعبوں میں بھی سرمایہ کاری کو بڑھایا جا سکتا ہے۔ نئے امکانات کو دوطرفہ تعاون اور علاقائی خوشحالی کے لیے استعمال کرنا ہے۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ پاکستان کو قدرت نے معدنیات کا جو خزانہ عطا کر رکھا ہے وہ صرف ہمارے لیے ہی نہیں بلکہ دوست ممالک کے لیے بھی بہت بڑی نعمت ثابت ہو سکتا ہے لیکن دیکھنا یہ ہے کہ اس خزانے سے پاکستان استفادہ کیسے کرتا ہے۔ مشرقِ وسطیٰ اور وسطی ایشیا میں واقع دوست ممالک کے ساتھ ہمارے تعلقات ویسے تو بہت گہرے ہیں لیکن ہمیں ان تعلقات کو کاروبار اور تجارت کے ضمن میں بھی فروغ دینے کی ضرورت ہے اور اس سلسلے میں ان کے ساتھ معدنیات کے شعبے میں سرمایہ کاری پر بات کی ضرورت ہے۔ ان خطوں میں واقع ممالک کے ساتھ اس سلسلے میں کیا جانے والا تعاون ایک جانب دوطرفہ معاشی ترقی کا باعث بنے گا تو دوسری طرف مسلم ممالک کا باہمی فروغ ان دونوں خطوں میں ایک مضبوط بلاک کے قیام میں مددگار ثابت ہوگا جس سے ضرورت پڑنے پر دفاعی اور تزویراتی نوعیت کے فوائد بھی حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

شہباز شریف کا یہ کہنا درست ہے کہ پاکستان کی 24 کروڑ آبادی میں سے 60 فیصد نوجوانوں پر مشتمل ہے لیکن سوال یہ ہے کہ ہم اپنی نوجوان آبادی کو آگے بڑھنے کے مواقع دے رہے ہیں یا نہیں۔ ہمارے پاس ہنر مند اور تعلیم یافتہ نوجوانوں کی کمی نہیں ہے اور دنیا کے بہت سے ممالک کو ان لوگوں کی ضرورت ہے، لہٰذا ہمیں اپنے ان نوجوانوں کو ان ممالک تک بھیجنے کے لیے آسانیاں پیدا کرنی چاہئیں۔ ترکیہ سمیت مشرقِ وسطیٰ کے بہت سے ممالک میں پاکستانی نوجوانوں کے لیے تعلیم اور روزگار کے وسیع مواقع موجود ہیں لیکن حکومت کی طرف سے مناسب سرپرستی اور معاونت کے فقدان کے باعث ہم اس سلسلے میں کوئی پیش رفت نہیں کر پا رہے۔ حکومت کو چاہیے کہ ترکیہ اور دیگر دوست ممالک کے ساتھ معاہدوں کر کے پاکستان کے ہنر مند اور تعلیم یافتہ نوجوانوں کے لیے بہتر امکانات پیدا کرے تاکہ ان کی محنت سے بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا نام روشن ہو۔

استنبول میں منعقدہ کانفرنس میں ترکیہ کے نائب صدر جودت یلماز کا کہنا تھا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات وقت کے ساتھ ساتھ مضبوط ہوئے ہیں۔ علاقائی اور عالمی امن اور استحکام کے لیے پاکستان کا انتہائی تعمیری کردار ہے، دونوں ممالک کے درمیان آٹوموبیل، زرعی صنعت، فوڈ پروسیسنگ، طبی آلات، قابل تجدید توانائی، صحت، گرین ٹیکنالوجیز، آئی ٹی، ای کامرس، تعلیم، سیاحت، شپ بلڈنگ، دفاعی صنعت اور دیگر شعبوں میں تعاون بڑھانے کی بڑی گنجائش ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ترکیہ کی پاکستان میں براہِ راست سرمایہ کاری دو ارب ڈالر سے بڑھ گئی ہے۔ تجارتی حجم پانچ ارب ڈالر تک بڑھانا ہمارا ہدف ہے لیکن اسے مزید بڑھانا ہوگا۔

امریکی آزادی کے ڈھائی سو سال!

برطانیہ عظمیٰ کے زیر تسلط 13 ریاستوں نے آزاد ہو کر اکٹھے مل کر ایک متحدہ ریاست، امریکہ کے نام سے تشکیل دی۔ 4 جولائی 1776ء کو اعلان آزادی کے ساتھ ہی ریاست ہائے متحدہ امریکہ معرض وجود میں آئی۔ اس بات کو ڈھائی سو سال ہو چکے ہیں اس دوران دنیا کی عظیم ریاست برطانیہ عظمیٰ نے عروج بھی دیکھا ایک وقت تھا کہ اس ریاست کے زیر تحت دنیا کی اتنی زمین تھی کہ اس کے ایک طرف سورج غروب ہو رہا تھا تو اس کی مقبوضات میں سورج طلوع ہو رہا ہوتا تھا اسی لئے کہا جاتا تھا کہ برطانیہ عظمیٰ کی مقبوضات میں سورج غروب ہی نہیں ہوتا، انگریز دنیا کے طول و عرض میں پھیلے ہوئے تھے سوان کا ڈنکا بج رہا تھا مسلمانوں کی بغدادی سلطنت، عثمانی سلطنت اور مغلیہ سلطنت اپنی اپنی جگہ موجود تھیں لیکن جو عظمت برطانیہ عظمیٰ کو حاصل تھی وہ کسی اور کے حصے میں نہیں آئی تھی۔ برطانوی بادشاہت نے یورپی ہم مذہبوں کے ساتھ مل کر پوری دنیا پر قبضہ کرنے کا جو منصوبہ بنایا تھا وہ تو کامیاب نہ ہو سکا لیکن وہ سب مسلمانوں کا اقتدار ختم کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ عربوں کو عثمانیوں کے خلاف کھڑا کر کے کمزور خلافت کے تابوت میں آخری کیل بھی ٹھونک دی حتیٰ کہ مسلمانوں کا سیاسی اقتدار مکمل طور پر ختم ہو گیا۔ بغدادی، مغلیہ و عثمانی سلطنتیں فنا کی گھاٹ اتر گئیں۔ مسلمان تقسیم در تقسیم کے عمل کے ذریعے کمزور کر دیئے گئے لیکن ایک بات ضرور ہے کہ مسلمانوں نے اپنے تہذیبی و سیاسی عروج کے دور میں بلکہ ارتقائی عمل کے دوران ہی سائنس و فنون، ادب وغیرہ کی ترویج کیلئے منظم انداز اختیار کیا۔ یورپ میں اندھیرے دور سے نکلنے کی ابتداء اسی دور میں ہوئی۔ یورپ، برطانیہ اور پھر امریکہ کی ترقی کی بنیادیں اسی اسلامی دور میں تلاش کی جا سکتی ہیں۔ پیسے کی دریافت، بھاپ پر قابو پانا، انجن بنانا جیسے تاریخی واقعات نے انقلاب فرانس کو جنم دیا جس کے بطن سے دور حاضر کا جدید نظام نکلا۔ سفید انسان نے ایک نئے جمہوری نظام کے تحت زندگیاں گزارنے کا فیصلہ کیا۔ یہی نہیں بلکہ تہذیب و تمدن کی آبیاری اور رہنمائی کا فریضہ بھی اپنے تئیں سنبھال لیا۔ دور حاضر کی تہذیب مغرب اگر رہنما تہذیب اور مغربی نظام پوری دنیا پر چھایا ہوا ہے تو اس کی بنیادیں اسی دور میں تلاش کی جا سکتی ہیں جب انسان نے مل جل کر رہنا سیکھا۔ سائنسی علوم کے فروغ نے کلیسیا کی چودھراہٹ میں کمی کی۔ کلیسیا اور جاگیردار کے اتحاد کو کمزور کیا پھر ایک جمہوری نظام نے ایک خوشحال معاشرے کو جنم دیا۔ افکار جدید کی ابتداء یورپ میں ہوئی۔ برطانیہ نے اس نظام کو مستحکم کیا، فروغ دیا۔ اس طرح وہ خود بھی عظمیٰ یعنی برطانیہ عظمیٰ کے مقام علیا پر فائز ہوا۔ سرمایہ دارانہ نظام کا قیام اسی دور کی بنیاد ہے، لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ تہذیب مغرب اور سرمایہ دارانہ نظام کو ایک عالمی نظام کے مقام تک امریکہ نے پہنچایا۔ اس وقت جو عالمی نظام دنیا کو گرفت میں لئے ہوئے ہے وہ امریکی قیادت کا ہی کمال ہے۔ امریکی نظام سیاست اور معیشت ہی نہیں بلکہ نظام معاشرت بھی دنیا پر غالب ہے۔ امریکہ معاشی، سیاسی اور معاشرتی طور پر دنیا کی ایک غالب حقیقت ہے اپنے ڈھائی سو سالہ قیام کے دوران شاید ہی کوئی لمحہ ایسا گزرا ہو جب وہ دن گیا حالت جنگ میں مبتلا نہ رہا ہو۔ جنگ ہی اس کی معاشی تعمیر و ترقی کا ذریعہ ہے اس کی سفارتی حکمت عملی بھی جنگ اور معیشت کے فلسفے پر ترتیب پاتی ہے۔ دوسری جنگ عظیم نے برطانیہ کی عظمت کو فنا کر دیا اور وہ اپنی عظمت برقرار نہ رکھ سکا اس طرح امریکہ دنیا کی سپر پاور بن کر ابھرا۔ اس سے پہلے فکری اور نظری اعتبار سے اشتراکیت ایک مدمقابل نظریے کے طور پر سامنے آ چکی تھی۔ 1923ء میں سوویت یونین کے قیام نے سرمایہ دارانہ نظام کے حامل ممالک کے مقابل دشمن پیدا کر دیا تھا۔ امریکہ مغربی سرمایہ دارانہ نظام کے چودھری کے طور پر اشتراکیت کو پچھاڑنے میں مصروف ہو گیا کیونکہ جنگ ایک معاشی حکمت عملی کے طور پر امریکی منصوبہ سازوں کیلئے کلیدی اہمیت رکھتی ہے اس لئے اشتراکیت کے خلاف محاذ قائم کیا گیا بلکہ مختلف اتحاد قائم کئے گئے۔ ناٹو، سیٹو، نیٹو جیسے عالمی معاہدے و اتحاد اشتراکی اثر و نفوذ روکنے اور اسے محدود رکھنے یا شکست دینے کیلئے ترتیب دیئے گئے تھے یہ دور 1991ء میں اشتراکی ریاست کے خاتمے تک قائم رہا۔ اس دوران چھوٹی بڑی جنگیں بھی جاری رہیں انسانی اور قدرتی وسائل بے دریغ ان جنگوں کی نذر کئے جاتے رہے لیکن ساتھ ساتھ سائنسی، فنی اور علمی ترقی و ارتقاء کا عمل بھی جاری رہا۔ امریکہ قائد کے طور پر موجود رہا۔

اشتراکیت کے خاتمے کے بعد امریکہ نے تہذیبی و تمدنی طور پر اسلام و مسلمان کو ایک دشمن کے طور پر اپنایا تاکہ اسکی جنگ باز حکمت عملی پر کام جاری رہ سکے۔ اشتراکیت کے خاتمے کے بعد اسے کسی موثر اپوزیشن کا بھی سامنا نہیں تھا اسلئے اس نے خلیجی جنگوں کے ذریعے مسلمانوں کی بربادی کا آغاز کیا۔ طاقت کے غرور اور تکبر کیساتھ، پنی جنگی مشین کے استعمال کے ذریعے مشرق وسطیٰ کے نئے جغرافیے پر کام شروع کیا حتیٰ کہ 2001ء میں نائن الیون ہو گیا۔ امریکی ہیبت پر حملہ ہو گیا۔ امریکہ نے دہشت گردی کیخلاف عالمی جنگ شروع کر دی۔ پہلے افغانستان اور پھر عراق پر حملہ کر کے امریکہ نے اپنی عسکری ہیبت بحال کرنے کی کوشش کی۔ 20 سال تک وہ افغانستان میں الجھا رہا، لیکن اسے ذلیل و خوار ہو کر وہاں سے نکلنا پڑا۔ ویت نام میں شکست کے بعد امریکہ سنبھل گیا تھا لیکن یہاں اسے جب شکست ہو رہی تھی تو اس دوران چین چپکے چپکے اپنی معاشی قوت بڑھا رہا تھا چین نے بیلٹ اینڈ روڈ منصوبے کا اعلان کیا گویا عالمی معاشی طاقت بننے کا اعلان تھا۔ امریکہ چینی حکمت عملی کے سامنے ٹھہر نہیں سکا۔ چین نے غیر اعلانیہ امریکی چودھراہٹ کو چیلنج کیا۔ پاک بھارت جنگ کے دوران چینی جنگی ٹیکنالوجی نے جو معجزہ کر دکھایا ہے۔ دنیا ابھی تک اسکے سحر سے باہر نہیں نکل پائی ہے۔ 28 فروری 2026ء میں ایران کے ساتھ امریکی جنگ نے امریکی کمزوریوں کو عیاں کر دیا ہے۔ ایران نے ڈرونز اور راکٹوں کے ساتھ جس طرح اسرائیل کا ناطقہ بند کیا اور خلیج میں امریکی اہداف کو نشانہ بنایا وہ حیران کن ہے۔ ہرمز کی ناکہ بندی اور اس پر امریکی بے بسی دنیا کے سامنے ہے۔ امریکہ ایک عظیم طاقت ہے لیکن اس کی عظمت کا سورج غروب ہوتا نظر آ رہا ہے۔ دنیا کی سب سے بڑی معیشت ہونے کے باوجود وہ چینی معیشت کے مدمقابل کمزور نظر آ رہی ہے۔ ایران نے امریکی عسکریت کا بھانڈا ابھی بیچ چوراہے پھوڑ دیا ہے۔ نئی دنیا ترتیب پا رہی ہے۔ علاقائی اتحاد تشکیل پا رہے ہیں۔ توازن طاقت تبدیل ہو رہا ہے جو امریکہ کے حق میں جاتا نظر نہیں آ رہا۔ امریکہ سپر طاقت کے منصب جلیلہ سے ہٹتا نظر آ رہا ہے۔

عزت نفس کا بلبلا

بڑا واویلا مچا ہوا ہے کہ پیرا فورس اور پولیس والے لوگوں کی عزت نفس کا خیال نہیں کرتے۔ اکثر سوچتا ہوں یہ عزت نفس ہوتی کیا ہے۔ کہاں پائی جاتی ہے۔ جہاں عزت کا تعین نہ ہو سکے وہاں عزتِ نفس کو کون سمجھے، کیسے سمجھائے۔ یہ مہذب ملکوں کے چونچلے ہیں کہ وہ ریسپکیٹ کے ساتھ سیلف بھی لگا دیتے ہیں۔ یہاں کا تو عالم ہی عجیب ہے جب تک اگلا بندہ آپ کی پگڑی پکڑ کر ہاتھ میں نہ دے دے اس وقت تک اسکی تسکین نہیں ہوتی۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ امیروں کو غریبوں کی عزت نفس کا خیال رکھنا چاہیے مگر جو درگت غریبوں کے ہاتھوں امیروں کی عزت نفس کے حصے میں آتی ہے، اسپر بھی غور ہونا چاہیے۔ ابھی کل ہی کی بات ہے میں شہر سے گھر کی طرف آ رہا تھا میں نے دیکھا رش لگا ہوا ہے۔ معلوم ہوا ایک لوڈر رکشے والا کار والے کی ایسی تیسی کئے جا رہا ہے اور وہ بے چارہ عمر رسیدہ بھی تھا بڑے تحمل سے کہہ رہا ہے بیٹا غلطی ساری میری نہیں تمہاری بھی ہے، مگر لوڈر رکشے والے کی زبان نہیں رک رہی تھی۔ وہ کہے جا رہا تھا تم بڑے کاروں والے بندے کو بندہ نہیں سمجھتے، حرام کی کمائی سے بنگلے کوٹھیاں بنا لیتے ہو، ہماری طرح حلال کمانا پڑے تو تب تمہیں پتہ چلے، اردگرد کھڑے ہوئے لوگ جن میں غریب غرباء کی تعداد زیادہ تھی، اپنی طبقاتی سوچ کی وجہ سے لوڈر رکشے والے کا ساتھ دے رہے تھے۔ میں نے کچھ دیر یہ منظر دیکھا، مجھ سے رہا نہ گیا۔ میں نے لوڈر رکشے والے کو سمجھایا ان کی عمر کا لحاظ ہی کر لے، یہ سنتے ہی وہ مجھ پر چڑھ دوڑا، لگتا ہے تم بھی بڑی گاڑی والے ہو، انہی کا ساتھ دو گے۔ دو چار اور بھی سنا دیں تو میں نے سوچا اپنے ایک ٹریفک پولیس کے افسر دوست کو فون کرتا ہوں جونہی میں نے فون نکال کر کال ملانے کی کوشش کی، وہ لوڈر رکشے والا یکدم لہجہ بدل کے کہنے لگا فون کرنے کی ضرورت نہیں، بس آپ نے کہہ دیا میں انہیں جانے دیتا ہوں۔ میں نے کہا نہیں ٹریفک والوں کو بلا لیتے ہیں، وہ فیصلہ کریں گے قصور کس کا ہے، وہ تقریباً لجاجت پر اتر آیا۔ میں نے اُن صاحب کی طرف اشارہ کیا جن سے وہ الجھ رہا تھا کہ ان سے معذرت کرے، وہ فوراً آمادہ ہو گیا۔ حالانکہ وہ منع کرتے رہے۔ تو صاحبو! وطن عزیز میں عزت نفس کا معیار سب کا اپنا اپنا ہے، البتہ اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ میری عزت نفس محفوظ رہنی چاہیے، میرے ہاتھوں دوسرے کی عزت نفس اگر پامال ہوتی ہے تو کوئی حرج نہیں۔ سیانے کہتے تھے اپنی عزت اپنے ہاتھ ہوتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے عزت کرانا بھی آپ کے رویے پر منحصر ہے۔ یہ نہیں ہو سکتا آپ کے لہجے میں رعونت ہو، تکبر کی طمع کاری موجود ہو، بندے کو بندہ نہ سمجھتے ہوں اور یہ توقع بھی رکھیں کوئی آپ کی عزت نفس پر میلی نظر بھی نہ ڈالے۔ آپ لازماً کسی ریڑھی، رکشے یا مزدور کے ہاتھوں اپنی عزت نفس گنوا بیٹھیں گے کیونکہ ان کی عزت نفس کا بھی کوئی نہ کوئی پیمانہ ہوتا ہے۔

عزت نفس کا سوال ہی طبقاتی اونچ نیچ والے معاشرے میں پیدا ہوتا ہے جس معاشرے میں پیشے بھی عزت ذلت کا پیمانہ بن جائیں، وہاں ایک حامی طبقہ سمجھ لیتا ہے میں برہمن اور باقی سب شودر ہیں۔ وہ اپنی عزت کو عزت سمجھتا ہے باقی سارے اس کے نزدیک بے عزتے ہوتے ہیں۔ پھر جب کسی دن ایسے ہی کسی "بے عزتے" کے ہاتھوں بیچ بازار میں عزت نفس گنواتے ہیں تو شور مچا دیتے ہیں کہ دیکھو معاشرہ کتنا بگڑ گیا ہے۔ اصل میں کسی بھی قسم کی طاقت یا اختیار کا گھمنڈ انسان کو ان جذبوں اور احساسات سے محروم کر دیتا ہے جو انسانی توقیر کا اصل منبع ہوتے ہیں۔ مجھے ایک بار ٹریفک سٹاف کو لیکچر دینے کے لئے بلایا گیا۔ مجھ سے پہلے ایک مقرر نے کہا ٹریفک وارڈن بڑے مشکل حالات میں ڈیوٹی دیتے ہیں انہیں ان پڑھ جاہل لوگوں سے بھی واسطہ پڑتا ہے اور ان کی الٹی سیدھی باتیں سنتے ہیں، کچھ کے ساتھ دست و گریبان کی نوبت بھی آ جاتی ہے۔ میری باری آئی تو میں نے کہا میرے لئے سب سے زیادہ حیران کن بات یہی ہوتی ہے کہ ایک ٹریفک کانسٹیبل کسی شہری سے لڑ جھگڑ رہا ہے۔ ایسے مناظر کبھی اس عام آدمی کا نقصان نہیں کرتے بلکہ نقصان وردی اور عہدے کا ہوتا ہے۔ عمل اور ردعمل کی سائنس یہی ہے کہ آپ کے پاس اگر اختیار ہے تو لہجے میں نرمی رکھیں کیونکہ اونچا لہجہ آپ کے منصب کی توقیر گھٹا سکتا ہے۔ اس کا دوسرا فائدہ یہ ہوگا کہ سامنے والے کی عزت نفس بھی محفوظ رہے گی۔ جو آپ کے تحکمانہ لہجے سے مجروح ہوتی ہے۔ اسی طرح وہ اس سطح تک نہیں جائے گا جو دست و گریبان ہونے تک لے جاتی ہے۔ میں نے انہیں کہا کہ بدقسمتی سے عوام میں یہ تاثر پھیل چکا ہے کہ موجودہ نظام میں ان کی کوئی عزت و توقیر نہیں۔ ان کے نصیب میں صرف ذلیل و خوار ہونا ہی رہ گیا ہے" اندر سے بھرے ہوئے ان لوگوں کو اگر پیار محبت سے قانون کے تقاضے سمجھائے جائیں تو انہیں اتنی تکلیف نہ ہو جتنی گالیاں کھا کے ہوتی ہے۔

یورپ نے اس مسئلے پر بہت پہلے قابو پا لیا تھا۔ وہاں عہدے، اختیار یا دولت کی وجہ سے کسی کی عزت بڑھتی ہے اور نہ ان کے نہ ہونے سے کم ہوتی ہے۔ دفتروں، چائے خانوں، عام گذرگاہوں میں سب کے حقوق برابر ہوتے ہیں۔ عہدوں کا تفاوت عزت نہیں بڑھاتا کیونکہ بات انسانیت کی سطح پر رہتی ہے۔ ہم نے معاشرے کو تہہ در تہہ چادر بنا دیا ہے کسی کی چادر موٹی ہے، کسی کی پتلی، کوئی مخمل پہنتا ہے اور کوئی بوریا۔ اسی کے حساب سے عزت بھی کی جاتی ہے اور عزت نفس کا خیال بھی رکھا جاتا ہے جب ایک اقلیتی طبقہ یہ سمجھ لے کہ ملک کے کروڑوں لوگ اس کے معیار کی سطح سے نیچے ہیں تو وہ خود عزت نفس کو اپنے لئے پانی کا بلبلا بنا دیتا ہے کیونکہ اسے ذرا سی کسی عام آدمی کی پھونک بھی ختم کر دیتی ہے اور وہ چیخنے لگتا ہے کہ دیکھو میری عزت نفس پامال کر دی جبکہ وہ خود روزانہ اپنے ماتحتوں، اپنے ورکروں، عام لوگوں کی عزت نفس کا جوتیا پانچہ کرتا ہے، وہ اسے یاد نہیں رہتا۔ عزت کرانا دوطرفہ عمل ہے۔ اپنی عزت نفس کی فکر ہو تو پہلے انسان کو دوسرے کی عزت نفس کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔ یہ بنیادی فارمولا ہے مگر ہمارے ہاں سب یکطرفہ ٹریفک چلا رہے ہیں۔

SHEHAR NAMA شہرنامہ

فن و ثقافت

بونی کپور کی بیٹی انشولا کپور رشتہ ازدواج میں منسلک، تصاویر سامنے آ گئیں

ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ پروڈیوسر بونی کپور کی بیٹی انشولا کپور نے اپنے دیرینہ ساتھی روہن ٹھاکر کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئی ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق انشولا کی شادی میں خاندان اور قریبی دوستوں نے شرکت کی۔ شادی کی تقریب کا سب سے جذباتی لمحہ وہ تھا جب انشولا کی آنجہانی والدہ مونا شوری کپور کی تصویر شادی کی رسومات کے دوران سامنے رکھی گئی، جس نے تقریب میں موجود افراد کو جذباتی کر دیا۔ انشولا کپور نے انسٹاگرام پر شادی کی خوبصورت تصاویر شیئر کیں، جن میں ان کی بہنیں جھانوی کپور اور خوشی کپور شادی کی تمام رسومات اور انتظامات سنبھالتی نظر آئیں۔ سندور کی رسم کے دوران بھی دونوں بہنیں دلہا اور دلہن کے ساتھ موجود رہیں۔ دوسری جانب ارجن کپور نے بھی شادی کی تقریبات کی تصاویر شیئر کیں، جن میں ایک تصویر میں انشولا اپنے بھائی کو گلے لگائے ہوئے نظر آئیں، جبکہ ایک تصویر میں پوری کپور فیملی خوشیوں میں شریک دکھائی دی۔ یاد رہے کہ انشولا کپور اور روہن ٹھاکر کی ملاقات 2022 میں ایک ڈیٹنگ ایپ کے ذریعے ہوئی تھی۔ دونوں نے مارچ 2023 میں اپنے تعلق کے بارے میں سوشل میڈیا پر اعلان کیا تھا اور اکتوبر 2025 میں اس خوبصورت جوڑے کی منگنی ہوئی تھی۔

اسماء عباس کا 60 سال سے زائد عمر کی تنہا خواتین کو شادی کا مشورہ

کراچی (پی این پی) پاکستان کی سینئر اداکارہ اسماء عباس نے 60 سال سے زائد عمر کی تنہا خواتین کو شادی کرنے کا مشورہ دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق اپنے تازہ وی لاگ میں اسماء عباس نے 60 سال سے زائد عمر کی خواتین کو شادی کے حوالے سے مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر زندگی میں اچھا اور مخلص شریکِ حیات مل جائے تو شادی کر لینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اسماء عباس نے کہا کہ ان کے گزشتہ بیان کو مکمل سیاق و سباق میں نہیں سنا گیا۔ ان کے مطابق ہر شخص قابلِ اعتماد نہیں ہوتا لیکن اگر کوئی اچھا انسان مل جائے تو اس موقع سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ انہوں نے اپنی بہن بشریٰ انصاری اور سینئر اداکارہ ثمینہ احمد کی شادیوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ دونوں کو بہترین شریکِ حیات ملے تاہم ایسے لوگ کم ہی نصیب ہوتے ہیں۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ بڑھاپے میں ایک ساتھی کی ضرورت زیادہ محسوس ہوتی ہے جو بیماری یا روزمرہ معاملات میں ساتھ دے سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ محبت اور رشتے باہمی احترام، برداشت اور سمجھ داری سے مضبوط بنتے ہیں۔

ماہ نور بلوچ کی نئی تصاویر نے سوشل میڈیا پر ہلچل مچا دی

لاہور (پی این پی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ماہ نور بلوچ ایک بار پھر سوشل میڈیا کی توجہ کا مرکز بن گئی ہیں۔ ان کی حالیہ تصاویر منظرِ عام پر آنے کے بعد مداح ان کے نئے انداز اور بدلتے ہوئے لک پر مختلف آراء کا اظہار کر رہے ہیں۔ پاکستان ٹیلی وژن کے سنہری دور کی مقبول اداکارہ ماہ نور بلوچ حال ہی میں ہدایت کار فہیم برنی کے ہمراہ دکھائی دیں۔ اس ملاقات کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوتے ہی صارفین کی جانب سے ان پر تبصروں کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ وائرل تصاویر میں ماہ نور بلوچ سیاہ رنگ کے شلوار قمیض میں نظر آ رہی ہیں، جبکہ انہوں نے باب کٹ ہیئر اسٹائل اختیار کیا ہوا ہے، جس نے ان کی مجموعی شخصیت کو ایک نیا انداز دیا۔ تصاویر پر ردِعمل دیتے ہوئے بعض سوشل میڈیا صارفین نے کہا کہ اداکارہ کی شکل پہلے کے مقابلے میں مختلف دکھائی دے رہی ہے۔ کچھ صارفین نے اندازہ ظاہر کیا کہ شاید انہوں نے کسی کاسمیٹک یا سرجیکل طریقہ علاج کا سہارا لیا ہو، جبکہ چند افراد کا کہنا تھا کہ ان کا چہرہ پہلے کے مقابلے میں زیادہ بھرا ہوا محسوس ہو رہا ہے۔ دوسری جانب کئی مداحوں نے ماہ نور بلوچ کی خوبصورتی اور دلکش شخصیت کی تعریف کی

حاجرہ یامین کا شوبز میں آنیوالی لڑکیوں کو اصولوں پر قائم رہنے کا مشورہ

کراچی: (پی این پی) معروف پاکستانی اداکارہ حاجرہ یامین نے شوبز میں قدم رکھنے والی نئی لڑکیوں کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے اصولوں پر قائم رہیں اور ضرورت پڑنے پر 'نہیں' کہنے سے نہ ہچکچائیں۔ ایک حالیہ انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے حاجرہ یامین کا کہنا تھا کہ اداکاری محض ایک پیشہ نہیں بلکہ ایک جذباتی ذمہ داری ہے، اسی لئے وہ ہر کردار کے انتخاب میں انتہائی احتیاط سے کام لیتی ہیں، ایک بار کسی جذبے یا کردار کو نبھانے کے بعد وہ اسے دوبارہ اسی انداز میں دہرانا پسند نہیں کرتیں۔ انہوں نے پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری میں فنکاروں پر بڑھتے ہوئے کام کے دباؤ کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ مسلسل مصروف شیڈول کے باعث معیاری مواد کی تخلیق متاثر ہوتی ہے حالانکہ انڈسٹری میں باصلاحیت فنکاروں کی کوئی کمی نہیں۔ حاجرہ یامین نے اپنی پیشہ ورانہ شناخت پر فخر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ہمیشہ اپنی صلاحیت کے بل بوتے پر مقام حاصل کیا ہے اور کبھی کسی مخصوص آن سکرین جوڑی کا حصہ بن کر اپنی شناخت قائم کرنے کی کوشش نہیں کی۔ اداکارہ نے کہا کہ ان کی خواہش ہے کہ وہ آنے والی نسل کی لڑکیوں کیلئے ایک مضبوط ورثہ چھوڑیں اور زیادہ سے زیادہ خواتین کے ساتھ تخلیقی منصوبوں پر کام کریں، انہوں نے شوبز میں قدم رکھنے والی نئی لڑکیوں کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے اصولوں پر قائم رہیں اور ضرورت پڑنے پر 'نہیں' کہنے سے نہ ہچکچائیں۔ اپنی ذاتی زندگی کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے حاجرہ یامین نے کہا کہ کامیاب خواتین کو اکثر غیر معمولی سمجھ لیا جاتا ہے جبکہ حقیقت میں وہ بھی عام انسان ہوتی ہیں جن کے خواب اور جدوجہد دیگر لوگوں کی طرح ہوتی ہے۔ انہوں نے خواتین کے تحفظ اور صنفی مساوات کے حوالے سے بھی اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کو سب سے پہلے اپنے گھر میں محفوظ ماحول ملنا چاہیے کیونکہ مضبوط خاندانی تعاون ہی انہیں معاشرے کے دیگر چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے قابل بناتا ہے۔

بقیہ نمبر 1

محمد شہباز شریف کی ہدایات پر پہلی مرتبہ سمیڈا کا مرکزی دفتر اسلام آباد میں قائم اور مکمل طور پر فعال کیا گیا ہے تاکہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے کے لیے باہمی روابط، پالیسی پر مؤثر عملدرآمد اور خدمات کی فراہمی کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کے وژن کے مطابق سمیڈا کو خرد، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کی معاونت، کاروباری صلاحیتوں کے فروغ اور نجی شعبے کی قیادت میں معاشی ترقی کو تیز کرنے کے لیے مزید ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے حکومت کی حکمت عملی کا بنیادی ستون ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ان اداروں کو بااختیار بنانے، کاروبار میں آسانیاں پیدا کرنے اور ملک بھر کے کاروباری افراد کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کے لیے جامع اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری برادری کو سہولتیں فراہم کرنا، پیداواری صلاحیت میں اضافہ اور سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان کاروباری افراد کو اپنے کاروبار کے قیام اور توسیع کے لیے بھرپور مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ وزیراعظم کے معاونِ خصوصی نے کہا کہ خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانا حکومت کی اقتصادی حکمتِ عملی کا ایک اہم جزو ہے۔ ان کے مطابق خواتین کاروباری افراد کی زیادہ سے زیادہ شمولیت نہ صرف معاشی ترقی بلکہ جدت اور جامع قومی ترقی میں بھی نمایاں کردار ادا کرے گی۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کی ترقی سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، مقامی پیداوار کو فروغ ملے گا، برآمدات میں اضافہ ہوگا اور پاکستان کی صنعتی و معاشی خوشحالی کو مضبوط بنیادیں میسر آئیں گی۔ انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ سمیڈا کے ذریعے کاروباری اداروں کو جدید ٹیکنالوجی، مہارتوں کی تربیت اور مالی سہولتوں تک رسائی فراہم کی جا رہی ہے تاکہ وہ ملکی اور بین الاقوامی منڈیوں میں مؤثر انداز میں مسابقت کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ کاروبار دوست ماحول کی فراہمی حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کا اہم مقصد ہے۔ سمیڈا کی ادارہ جاتی استعداد میں اضافہ ملک بھر کے کاروباری افراد کو مزید مؤثر، مربوط اور آسان خدمات کی فراہمی کو یقینی بنائے گا۔ ہارون اختر خان نے اپنے خطاب کے اختتام پر کہا کہ مضبوط چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے ہی مضبوط پاکستان کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت کاروباری سرگرمیوں کے فروغ، جدت کی حوصلہ افزائی، خود انحصاری کے فروغ اور ایسے متحرک کاروباری شعبے کی تشکیل کے لیے پرعزم ہے جو صنعتی ترقی، برآمدات میں اضافے اور پائیدار روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں کلیدی کردار ادا کرے

بقیہ نمبر 2

میں توسیع کر دی، جس سے ہزاروں امیدواروں کو بڑا ریلیف ملے گا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) نے میڈیکل اور ڈینٹل کالجز میں داخلے کے خواہش مند طلبا کی سہولت کے لیے ایم ڈی کیٹ 2026 کی رجسٹریشن کی آخری تاریخ میں توسیع کا باقاعدہ اعلان کر دیا۔ اس فیصلے سے ان ہزاروں امیدواروں کو بڑا ریلیف ملے گا جو کسی وجہ سے مقررہ وقت پر اپنی رجسٹریشن مکمل نہیں کر سکے تھے۔ پی ایم ڈی سی کی جانب سے جاری کردہ نئے شیڈول کے مطابق رجسٹریشن اب دو مراحل میں کی جا سکے گی اور امیدوار بغیر کسی اضافی چارجز کے باقاعدہ فیس کے ساتھ اب 13 جولائی 2026 تک اپنی آن لائن رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔ جو طلبہ ریگولر تاریخ تک فارم جمع نہیں کروا سکیں گے، انہیں اضافی لیٹ فیس کے ساتھ 18 جولائی 2026 تک رجسٹریشن کی آخری مہلت دی جائے گی۔ پی ایم ڈی سی انتظامیہ نے ملک بھر اور سمندر پار موجود تمام امیدواروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ ویب سائٹ پر رش اور آخری لمحات کے تکنیکی مسائل سے بچنے کے لیے پورٹل پر جائیں اور مقررہ تاریخوں سے پہلے اپنی آن لائن رجسٹریشن کا عمل ہر صورت مکمل کریں۔ انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ 18 جولائی کے بعد کسی بھی امیدوار کو رجسٹریشن کے لیے کوئی اضافی وقت نہیں دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 3

کی لہر برقرار ہے، جہاں ہیٹ انڈیکس خطرناک حد تک بڑھ گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق سبی، بہاولپور، ڈی آئی خان، دادو، سرگودھا، حیدرآباد، سکھر، شیخوپورہ، فیصل آباد، پشاور، سیالکوٹ، اسلام آباد، لاہور اور کراچی سمیت متعدد شہروں میں شہری شدید حبس اور گرمی کی دوہری شدت کا سامنا کر رہے ہیں۔ اسی طرح سبی میں درجہ حرارت 42 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، تاہم نمی کی بلند شرح کے باعث محسوس ہونے والا درجہ حرارت 2.68 ڈگری سینٹی گریڈ تک جا پہنچا، جو ملک میں سب سے زیادہ رہا۔ دوسری جانب بہاولنگر میں 42 ڈگری کے ساتھ محسوس ہونے والا درجہ حرارت 7.56 ڈگری، ڈی آئی خان میں 41 ڈگری کے ساتھ 8.55 ڈگری، جبکہ دادو میں 43 ڈگری کے باوجود محسوس ہونے والا درجہ حرارت بھی 8.55 ڈگری ریکارڈ کیا گیا۔ موسم کا احوال بتانے والوں کا کہنا تھا کہ سرگودھا میں درجہ حرارت 40 ڈگری اور محسوس ہونے والا درجہ حرارت 7.52 ڈگری، حیدرآباد میں 39 ڈگری کے مقابلے میں 6.51 ڈگری، سکھر میں 40 ڈگری کے ساتھ 3.51 ڈگری اور شیخوپورہ میں 37 ڈگری کے باوجود محسوس ہونے والا درجہ حرارت 8.50 ڈگری ریکارڈ کیا گیا۔ فیصل آباد میں 40 ڈگری کے ساتھ محسوس ہونے والا درجہ حرارت 5.49 ڈگری، پشاور میں 5.40 ڈگری کے ساتھ 49 ڈگری، بہاولپور میں 40 ڈگری کے ساتھ 3.48 ڈگری، سیالکوٹ میں 5.35 ڈگری کے باوجود 6.45 ڈگری، اسلام آباد میں 5.36 ڈگری کے ساتھ 4.44 ڈگری تک پہنچ گیا۔ علاوہ ازیں لاہور میں 5.35 ڈگری کے ساتھ 9.41 ڈگری اور کراچی میں 34 ڈگری کے باوجود محسوس ہونے والا درجہ حرارت 8.41 ڈگری ریکارڈ کیا گیا۔ ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ زیادہ نمی اور کمزور ہواؤں کے باعث ہیٹ انڈیکس میں نمایاں اضافہ ہو رہا ہے، جس سے جسم کو محسوس ہونے والی گرمی اصل درجہ حرارت سے کہیں زیادہ ہو جاتی ہے۔ انہوں نے شہریوں کو غیر ضروری طور پر دھوپ میں نکلنے سے گریز، زیادہ سے زیادہ پانی پینے، ہلکے رنگ کے ڈھیلے کپڑے پہننے اور بچوں، بزرگوں اور بیمار افراد کا خصوصی خیال رکھنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ نمبر 4

منشیات کی بڑے پیمانے پر اسمگلنگ سمیت مختلف سنگین جرائم کے الزامات عائد کیے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 5

کے تحت امتحانی نظام کو ڈیجیٹلائز کرنے، ای مارکنگ متعارف کرانے اور تعلیمی بورڈز کی استعدادِ کار بڑھانے کے اقدامات کیے جائیں گے۔ اس سلسلے میں وزیر جامعات و تعلیمی بورڈز محمد اسماعیل راہو کی زیر صدارت سیکرٹری جامعات کے دفتر میں ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) کے نمائندوں کے ساتھ اہم اجلاس ہوا، جس میں سیکریٹری جامعات محمد عباس بلوچ، صوبے بھر کے انٹرمیڈیٹ، سیکنڈری اور ٹیکنیکل تعلیمی بورڈز کے چیئرمینز سمیت دیگر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایشیائی ترقیاتی بینک کے فیکٹ فائنڈنگ مشن کے نمائندگان خرم، مس مارلا، مس ثمینہ اور ڈاکٹر عثمان بھی شریک ہوئے، جبکہ پروجیکٹ ڈائریکٹر رضوان سومرو، ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر لقمان نوہڑی اور امتحانی اصلاحات کے ماہر عطا حسین لاکھو بھی موجود تھے۔ اجلاس میں سندھ سیکنڈری ایجوکیشن امپروومنٹ پروجیکٹ کے تحت امتحانی نظام کی جدید کاری، ای مارکنگ، ڈیجیٹلائزیشن اور تعلیمی بورڈز کی ادارہ جاتی صلاحیت میں اضافے کے امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ محمد اسماعیل راہو نے کہا کہ سندھ کے تعلیمی بورڈز میں روایتی امتحانی طریقہ کار کے بجائے ای مارکنگ کا نظام متعارف کرایا جا رہا ہے، جس سے شفافیت، میرٹ اور امتحانی نظام کی کارکردگی میں بہتری آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے کی منظوری کے لیے تجاویز سندھ کابینہ میں پیش کی جائیں گی، اور کابینہ کی منظوری کے بعد منصوبے پر تیزی سے عملدرآمد شروع کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر کے مطابق ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے تعلیمی بورڈز کے عملے کی استعداد کار بڑھانے کے لیے آئی ٹی ماہرین خصوصی تربیت فراہم کریں گے، جبکہ تمام تعلیمی بورڈز کو اسکینرز، کٹنگ مشینیں، سرورز اور دیگر جدید آلات بھی فراہم کیے جائیں گے۔ اجلاس میں چیئرمین انٹرمیڈیٹ بورڈ کراچی فقیر محمد لاکھو کو امتحانی نظام کی جدید کاری کے منصوبے کا فوکل پرسن نامزد کیا گیا۔ محمد اسماعیل راہو نے کہا کہ ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے شروع کیے جانے والے اصلاحاتی اقدامات سندھ کے امتحانی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے، جبکہ تعلیمی بورڈز کی ادارہ جاتی استعداد میں بھی اضافہ ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ امتحانی اور گورننس سسٹم کی ڈیجیٹلائزیشن سے شفافیت، میرٹ اور کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جا سکے گی

بقیہ نمبر 6

نشانہ بنایا، رپورٹ میں واضح طور پر درج تھا کہ یہ معلومات پرانی ہیں، انہیں دوبارہ جانچنے کی ضرورت ہے، علم ہونے کے باوجود امریکی سینٹر افسر نے اہداف کو حملے کی فہرست میں شامل کرنے کی منظوری دی۔ سی این این کے مطابق امریکی فوج کو حملے کے چند ہی دن بعد معلوم ہوگیا تھا کہ یہ غلطی کیسے ہوئی، کئی ماہ گزرنے کے باوجود پینٹاگون نے میناب اسکول واقعے کی تحقیقات کی رپورٹ جاری نہیں کی، امریکا کے میناب اسکول پر حملے میں 168 بچے اور 14 اساتذہ شہید ہوئے تھے۔

بقیہ نمبر 7

دین استاذ العلماء خطیب اہل بیت علامہ محمد ہاشم حقانی القادری بانی و مہتمم ادارہ کنز الایمان پنڈوڑیاں شریف اسلام آباد نے دربار عالیہ سائیں سخی بوٹا بادشاہ ڈیکیرہیں وے شکریال اسلام آباد میں سالانہ شہادت امام حسین علیہ السلام کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب صدارت سائیں حاجی حسن اختر نے کی انہوں نے کہا کہ اہل بیت نبی کریم صل اللہ علیہ والہ وسلم کی قربانیاں لازوال ہیں گلستان زہرا پاک کے مہکتے پھولوں نے لازوال قربانیوں سے اسلام زندہ ہو گیا کانفرنس میں تلاوت قرآن پاک نعت منقبت اور درود شریف قصیدہ بردہ شریف کا ورد کیا اور درود شریف قصیدہ بردہ شریف پیش کیا گیا علامہ حقانی نے اختتامی دعا کی کثیر تعداد میں عوام الناس نے شرکت کی

بقیہ نمبر 8

انعقاد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تاجر برادری جمہوری طریقہ کار کے ذریعے نئی قیادت منتخب کرنا چاہتی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر نئی ووٹر لسٹیں تیار کی جائیں، ایک غیر جانبدار اور بااختیار الیکشن کمیشن تشکیل دیا جائے اور شفاف، آزاد اور منصفانہ انتخابات کا انعقاد یقینی بنایا جائے۔ راجہ بازار کی خوبصورتی اور تزئین و آرائش قابل تحسین اور باعث فخر ہے، تاہم بازار سے وابستہ تاجروں کو درپیش بنیادی مسائل تاحال حل طلب ہیں، جن کی وجہ سے کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہو رہی ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ متعلقہ ادارے تاجروں کے مسائل کے مستقل حل کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کو یقینی بنائیں راجہ بازار راولپنڈی کی معیشت کی شہ رگ ہے، اسے کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اگر تاجروں کے مسائل حل نہ کیے گئے تو مقامی معیشت مزید دباؤ کا شکار ہوگی، جس کے اثرات ہزاروں خاندانوں پر مرتب ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے راولپنڈی پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ نمبر 9

کے گھر سے لاپتہ ہونے کے بعد اس کے اہل خانہ نے پولیس میں گمشدگی کی رپورٹ درج کروائی۔ متاثرہ لڑکی نے پولیس کو دیئے گئے اپنے بیان میں انکشاف کیا ہے کہ اغوا کاروں نے زیادتی کا نشانہ بناتے ہوئے مجھے شراب پینے پر بھی مجبور کیا

بقیہ نمبر 10

اہلکار حصہ لے رہے ہیں اس دوران قابض فورسز نے علاقے کے تمام راستے بند کر کے گھر گھر تلاشی کی کارروائیاں شروع کر دیں، جس کے باعث مقامی آبادی شدید خوف و ہراس اور مشکلات کا شکار ہے

بقیہ نمبر 11

کمیٹی کے مطابق پاکستان آئل فیلڈ نے سال 2024 میں پائپ لائن کی مرمت کے دوران اپنی لفٹ ٹائل سڑک کو کھا ڑا تھا۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ اس کے بعد سے سڑک متعدد مقامات پر ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، جس کی وجہ سے روزانہ آمد و رفت میں شدید مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ اگرچہ بعض مقامات پر اہل علاقہ نے اپنی مدد آپ کے تحت عارضی مرمت کرائی، تاہم سڑک کی مکمل بحالی تاحال نہیں ہو سکی۔ کمیٹی کا کہنا ہے کہ پاکستان آئل فیلڈ کے نمائندگان، جناب شاہد اور جناب مدثر شاہ نے جنوری 2024 میں اہلیان علاقہ سے ملاقات کے دوران یقین دہانی کرائی تھی کہ کمپنی سڑک کو دوبارہ لفٹ ٹائل لگا کر اپنی اصل حالت میں بحال کرے گی، لیکن متعدد یاد دہانیوں کے باوجود اس وعدے پر ابھی تک عملدرآمد نہیں ہوا۔

بقیہ نمبر 12

پولیس شہریوں کے مسائل کے حل کے لئے پرعزم ہے، اس سلسلے میں ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنے، انہوں نے افسران کو شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے احکامات جاری کئے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شہری اپنے مسائل کے حل کے لئے XX-XX آئی جی پی شکایت سیل 1715-XX پر بھی اپنی شکایات و مسائل درج کروا سکتے ہیں، اسلام آباد پولیس مختلف اقدامات کے ذریعے عام شہریوں تک پہنچ کر ان کے مسائل کو حل کرنے کے لئے پرعزم ہے

بقیہ نمبر 13

تعینات متعدد ایس ایچ اوز اور چوکی انچارج اڈیالہ مہر گل لودھی کو کلوز لائن کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ سابق سی پی او کی ٹیم میں شامل دو ایس پیز، دو ایس ڈی پی اوز اور تقریباً دس ایس ایچ اوز کو بھی تبدیل کیے جانے کا عمل جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق ان تبادلوں کو بعض حلقوں کی جانب سے ولی خان افغانی سے متعلق معاملے کے ساتھ جوڑا جا رہا ہے، تاہم باخبر ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ تاثر درست نہیں اور ان انتظامی فیصلوں کا مذکورہ معاملے سے کوئی تعلق نہیں۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ موجودہ سی پی او ڈی آئی جی حسن مشتاق سکھیرا اپنی حکمت عملی کے مطابق نئی ٹیم تشکیل دے رہے ہیں اور اسی سلسلے میں از سر نو تعیناتیوں کا عمل جاری ہے۔ اطلاعات ہیں کہ آئندہ مرحلے میں مزید 9 ایس ایچ اوز کو بھی کلوز لائن کیے جانے کا امکان ہے۔ تاہم، ان تبادلوں اور ممکنہ مزید کارروائیوں کے حوالے سے راولپنڈی پولیس کی جانب سے تاحال کوئی باضابطہ مؤقف جاری نہیں کیا گیا

بقیہ نمبر 14

10:11 بجے (پاکستانی وقت کے مطابق رات 10:8 بجے) دنیا کی تقریباً 99 فیصد آبادی (یعنی ساڑھے 8 ارب میں سے 8.2 ارب لوگ) بیک وقت دن کی روشنی یا شفق (Twilight) کا تجربہ کرے گی۔

بقیہ نمبر 15

گراؤنڈ میں تاریخی کنونشن اور جلسہ منعقد ہوگا جبکہ پروگرام 25 اور 26 جولائی کی درمیانی شب تک جاری رہے گا۔ پیپلز پارٹی کے رہنما فیصل میر نے ایک بیان میں کہا کہ آخری مرتبہ 10 اپریل 1986 کو شہید محترمہ بےنظیر بھٹو نے مینار پاکستان پر تاریخی جلسے سے خطاب کیا تھا، جس کے بعد اب تقریباً چار دہائیوں بعد پارٹی دوبارہ اسی مقام پر عوامی اجتماع منعقد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 25 جولائی کا جلسہ پارٹی کی سیاسی سرگرمیوں کا اہم سنگ میل ہوگا، جس میں کارکنوں اور رہنماؤں کی بڑی تعداد شرکت کرے گی۔ فیصل میر نے کہا کہ جلسے کی تیاریوں کے سلسلے میں پاکستان پیپلز پارٹی نے خصوصی ترانہ بھی جاری کر دیا جبکہ لاہور میں تنظیمی سرگرمیوں اور انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی جانب سے 10 اپریل 1986 کو مینار پاکستان لاہور میں ایک تاریخی اور یادگار جلسہ منعقد کیا گیا تھا۔ یہ جلسہ سابق وزیراعظم بےنظیر بھٹو کی جلاوطنی ختم کرکے وطن واپسی کے موقع پر ان کے استقبال کے لیے منعقد کیا گیا تھا، جس میں لاکھوں افراد نے شرکت کی تھی۔ بےنظیر بھٹو 10 اپریل 1986 کو لاہور پہنچیں جہاں ہوائی اڈے سے مینار پاکستان تک کے راستے میں عوام کا جم غفیر موجود تھا۔ سیاسی تجزیہ کاروں کے مطابق یہ ملکی تاریخ کا سب سے بڑا عوامی اجتماع تھا۔ اس استقبالی جلوس میں اتنی بڑی تعداد میں لوگ جمع ہوئے تھے کہ ایئرپورٹ سے مینار پاکستان تک کا سفر طے کرنے میں بےنظیر بھٹو کو کئی گھنٹے لگ گئے تھے۔

بقیہ نمبر 16

آگئے۔ عالمی جریدے "دی ڈپلومیٹ" نے ہندو انتہا پسند تنظیم آر ایس ایس کے اوچھے ہتھکنڈے بےنقاب کردیے۔

بقیہ نمبر 17

میں ایک بڑا دھچکا قرار دیا جا رہا ہے، کیونکہ وہ اتحادی ممالک پر مسلسل امریکی دفاعی ساز و سامان خریدنے کیلئے زور دیتے رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 18

1947ء میں جناب ایم۔ ایم۔ اصفہانی نے اورینٹ ایئرویز کا آغاز کیا، جس کے بعد ایک اور نجی فضائی کمپنی "پاک ایئر" وجود میں آئی۔ مارچ 1955ء میں دونوں کمپنیوں کے انضمام سے پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (PIA) قائم ہوئی، جس نے بعد ازاں دنیا کی ممتاز فضائی کمپنیوں میں اپنا نمایاں مقام بنایا۔ پی آئی اے نے نہ صرف پاکستان کا وقار بلند کیا بلکہ متعدد دوست ممالک کی قومی ایئرلائنز کے قیام میں بھی معاونت کی، ہزاروں ملازمین کو روزگار فراہم کیا، قیمتی اثاثے بنائے اور امن و جنگ دونوں ادوار میں قومی خدمات انجام دیں

بقیہ نمبر 19

عمل محفوظ بناتے ہوئے پاک فضائیہ کے گروپ کیپٹن عاصم طارق شہید ہو گئے ایک ایسا سانحہ ہے جس میں ہر انسان سوگوار ہے۔ ان رہنماؤں نے کہا کہ پاک فضائیہ کے جری کیپٹن عاصم طارق شہید کو ان کی شرافت و جرات پر ہر انسان سلام انسانیت پیش کر رہا ہے اور شہادت کے اعلیٰ ترین درجات پر فائز ہونے والے پاکستان ایئر فورس کے گروپ کیپٹن عاصم طارق شہید کے گھرانے کے غم میں برابر کا شریک ہے

بقیہ نمبر 20

میں مستفید ہو رہے ہیں۔ ڈویژنل صدر و MNA مسلم لیگ ن راولپنڈی ملک ابرار احمد کی خصوصی ہدایت پر ملک افتخار احمد MPA کی قیادت میں ایک وفد، راجہ عرفان امتیاز وائس پریذیڈنٹ چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی، حاجی ملک عمران افسر نامزد امیدوار ممبر کنٹونمنٹ بورڈ وارڈ نمبر 5 چوہدری خرم شہزاد سابق ممبر کنٹونمنٹ بورڈ محمد شاہ رخ خان، چیئرمین کمال اباد ویلفیئر سوسائٹی راولپنڈی کینٹ، سیاسی و سماجی شخصیت آغا ریاست علی، چوہدری لیاقت علی، چوہدری عامر گجر نے پاکستان سویٹ ہوم بلیو ورلڈ سٹی کا دورہ کیا، جہاں چیئرمین سویٹ ہوم زمرد خان نے وقت کا پر تپاک استقبال کیا اور بچوں سے ملاقات کی

بقیہ نمبر 21

میں کیا انہوں نے کہا ہے کہ سیکیورٹی اداروں اور پولیس نے دہشت گرد حملہ آوروں کا مردانہ وار مقابلہ کیا اور اینٹ کا جواب پتھر سے دیتے ہوئے انہیں جہنم رسید کر دیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ سیکیورٹی اداروں کے شہدا ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں جنہوں نے ملک و قوم کی حفاظت کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ دشمن جان لے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے اور پوری پاکستان قوم وطن کے دفاع کے لیے پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور وطن کے چپے چپے کی حفاظت کے لیے کٹ مرنے کو ہمہ وقت تیار ہے چوہدری جاوید نائیک آف سہالہ میں مزید کہا کہ بھارت پاک فوج کے ہاتھوں دنیا میں رسوائی کے بعد بھارت اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آیا ہے پاکستان کے ایئرفورس کے جوانوں نے چند ماہ قبل فیلڈ مارشل اری چیف سید عاصم منیر کی قیادت میں بھارت کی بزدل فوج کو دھول چٹائی

بقیہ نمبر 22

سے مبینہ طور پر پرائس کنٹرول مجسٹریٹ کا کردار ادا کرنے کے الزامات سامنے آنے کے بعد دودھ، دہی اور تندور کا کاروبار کرنے والے افراد میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ متاثرہ دکانداروں کا دعویٰ ہے کہ بلدیہ کے اہلکار مختلف علاقوں میں جا کر انہیں یہ پیغام دیتے ہیں کہ "چیف آفیسر بلدیہ نے آپ کو بلایا ہے"، جس کے بعد متعدد دکاندار خوف کے باعث بلدیہ کے دفتر پہنچنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ متاثرین کے مطابق انہیں قیمتوں، کاروباری امور اور دیگر معاملات پر ایسے انداز میں باز پرس کی جاتی ہے جیسے بلدیہ کا عملہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹ کے اختیارات استعمال کر رہا ہو۔ دکانداروں کا مؤقف ہے کہ اس طرزِ عمل سے نہ صرف کاروباری طبقہ ذہنی دباؤ کا شکار ہے بلکہ تاجروں میں خوف و ہراس کی فضا بھی پیدا ہو رہی ہے۔ کاروباری حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر پرائس کنٹرول سے متعلق کارروائی کا اختیار ضلعی انتظامیہ اور مقررہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کے پاس ہے تو بلدیہ کے اہلکار کس قانونی اختیار کے تحت دودھ فروشوں، دہی فروشوں اور تندور مالکان کو طلب کر رہے ہیں انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس معاملے کی شفاف تحقیقات کی جائیں اور اگر کسی نے اختیارات سے تجاوز کیا ہے تو قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ دودھ، دہی اور تندور کا کاروبار کرنے والے متعدد افراد نے ڈپٹی کمشنر راولپنڈی اور کمشنر راولپنڈی سے اپیل کی ہے کہ گوجر خان میں بلدیہ کے اہلکاروں کی مبینہ سرگرمیوں کا فوری نوٹس لیا جائے، حقائق سامنے لائے جائیں اور کاروباری طبقے کو بلاجواز ہراساں کیے جانے کا سلسلہ روکا جائے تاکہ تاجر برادری بلا خوف و خطر اپنا روزگار جاری رکھ سکے۔ دوسری جانب چیف آفیسر بلدیہ گوجر خان نے اس حوالے سے تاحال اپنا مؤقف نہیں دیا

بقیہ نمبر 23

گلی محلوں اور رہائشی آبادیوں میں بجلی کے تار کئی کئی فٹ نیچے لٹک رہے ہیں جبکہ متعدد مقامات پر خستہ حال کھمبے اور ڈھیلے کنکشن کسی بھی وقت بڑے حادثے کا سبب بن سکتے ہیں۔ شہریوں نے محکمہ واپڈا (آئیسکو) کے مقامی افسران، خصوصاً ایکسین اور ایس ڈی او گوجر خان کی کارکردگی پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ متعدد بار شکایات کے باوجود خطرناک تاروں کی مرمت اور تبدیلی کے لیے کوئی مؤثر اقدامات نہیں کیے جا رہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پری مون سون کی بارش شروع ہوتے ہی بجلی کی بوسیدہ تاروں سے چنگاریاں اور پٹاخوں جیسی آوازیں آنا معمول بن چکا ہے، جس سے نہ صرف بجلی کی فراہمی بار بار معطل ہوتی ہے بلکہ کسی بھی وقت قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کا اندیشہ بھی موجود رہتا ہے۔ بارش یا تیز ہوا کے باعث معمولی خرابی پیدا ہونے پر پورے پورے علاقے گھنٹوں اندھیرے میں ڈوب جاتے ہیں جبکہ متاثرہ علاقوں کے مکین لائن مین کے پہنچنے کا طویل انتظار کرنے پر مجبور رہتے ہیں۔ عوام علاقہ کے مطابق متعدد مقامات پر سکولوں، مساجد، بازاروں اور رہائشی گلیوں کے اوپر سے گزرنے والی بجلی کی تاریں انتہائی خطرناک حد تک نیچے آ چکی ہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر بروقت حفاظتی اقدامات نہ کیے گئے تو کسی بھی وقت کوئی بڑا سانحہ پیش آ سکتا ہے، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ شہریوں اور سماجی حلقوں نے چیف آئیسکو، متعلقہ اعلیٰ حکام اور وفاقی وزارت توانائی سے مطالبہ کیا ہے کہ گوجر خان میں بجلی کے خطرناک نیٹ ورک، لٹکتے تاروں، ناقص مرمتی نظام اور مبینہ انتظامی غفلت کا فوری نوٹس لیا جائے، ذمہ دار افسران کا احتساب کیا جائے اور شہر بھر میں ہنگامی بنیادوں پر بجلی کی خستہ حال لائنوں اور تاروں کی تبدیلی کو یقینی بنایا جائے تاکہ کسی ممکنہ جانی نقصان سے قبل اس سنگین مسئلے کا مستقل حل نکالا جا سکے

بقیہ نمبر 24

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد، سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوئے، جن میں ڈی آئی جی سیف سٹی محمد ہارون جوئیہ، ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق، ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز محمد عتیق طاہر، ڈی آئی جی سیکیورٹی رانا عمر فاروق، چیف ٹریفک آفیسر کاشف اظہر خان اور این پی ایف کے ڈائریکٹر ان چیف بریگیڈیئر (ر) احمد نواز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران آئی جی اسلام آباد نے اسلام آباد پولیس میں جاری بھرتی کے عمل، اس کی شفافیت، میرٹ، انتظامی امور اور امیدواروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے تمام سینئر افسران کو ہدایت کی کہ بھرتی کے تمام مراحل مکمل شفافیت، میرٹ اور پیشہ ورانہ انداز میں مقررہ وقت کے اندر مکمل کیے جائیں تاکہ ہر امیدوار کو مساوی مواقع میسر آ سکیں۔ مزید برآں، آئی جی اسلام آباد نے پولیس کے انتظامی، آپریشنل اور سیکیورٹی امور کا بھی تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے عوامی خدمت کے معیار کو مزید بہتر بنانے، مختلف شعبوں کے درمیان مؤثر رابطہ و ہم آہنگی کو فروغ دینے اور پیشہ ورانہ کارکردگی میں مزید بہتری لانے کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ بعد ازاں سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں "اوپن ڈور پالیسی کے تحت" کھلی کچہری کا انعقاد کیا

بقیہ نمبر 25

ہوتے وسائل سے دوچار ہے جو لمحہ فکریہ ہے پانی، خوراک، توانائی، تعلیم، صحت اور روزگار جیسے بنیادی شعبے پہلے ہی دباؤ کا شکار ہیں جبکہ آبادی میں مسلسل اضافہ اس صورت حال کو مزید پیچیدہ بنا رہا ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم آبادی اور وسائل کے درمیان توازن، پائیدار ترقی اور قومی ذمے داری کے پہلوؤں پر سنجیدگی سے غور کریں اسپیکر امتیاز حیدر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اصل مسئلہ صرف آبادی کا بڑھنا نہیں بلکہ آبادی اور وسائل کے درمیان عدم توازن ہے۔ جب وسائل محدود ہوں اور آبادی تیزی سے بڑھے تو ترقی کی رفتار سست پڑ جاتی ہے اور قومی وسائل پر غیر معمولی دباؤ آ جاتا ہے۔ اگر ہم آج دانشمندانہ منصوبہ بندی، مؤثر پالیسی اور اجتماعی شعور کے ذریعے آبادی اور وسائل میں توازن قائم کرنے میں کامیاب ہو جائیں تو پاکستان نہ صرف اپنے موجودہ مسائل پر قابو پا سکتا ہے بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک خوشحال، مضبوط اور پائیدار مستقبل کی بنیاد بھی رکھ سکتا ہے دیگر اراکین شوریٰ میں نعیم اکرم قریشی، ڈاکٹر فرحت عباس، سلمیٰ قاصرہ، طارق شاہین، حکیم بشیر بھیروی، پروفیسر زاہد علی قریشی، تنویر نصرت، ڈاکٹر نعمان احمد خان، انجینئر مظفر اقبال، ڈاکٹر محمود الرحمن اور پروفیسر اقبال ناصری شامل تھے ان دانشوروں نے بھی اپنی اپنی رائے دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان اس وقت ایک ایسے دوراہے پر کھڑا ہے جہاں تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی اور محدود ہوتے قدرتی وسائل ہماری قومی ترقی، معاشی استحکام اور آئندہ نسلوں کے مستقبل کے لیے ایک سنگین چیلنج بن چکے ہیں اگر سائنسی منصوبہ بندی، مؤثر انتظام، وسائل کے منصفانہ استعمال، جدید ٹیکنالوجی اور ذمہ دار شہری طرز عمل کو یقینی بنا لیا جائے تو پاکستان نہ صرف ان چیلنجز پر قابو پا سکتا ہے بلکہ اپنی نوجوان آبادی کو معاشی ترقی اور قومی استحکام کی سب سے بڑا سرمایہ بھی بنا سکتا ہے یہی وہ راستہ ہے جو وسائل کی کمی کو بحران کے بجائے بہتر حکمرانی اور پائیدار ترقی کی ایک نئی جہت میں تبدیل کر سکتا ہے

بقیہ نمبر 26

طارق خان کو ایس ایچ او تھانہ شکریال جبکہ عاصم بخاری کو ایس ایچ او تھانہ شکریال سے ایس ایچ او تھانہ بقہ تعینات کر دیا گیا ہے اسی طرح اشعر مشتاق کو پولیس لائنز سے ایس ایچ او تھانہ بالاکوٹ جبکہ گلنواز خان کو پولیس لائنز سے ایس ایچ او تھانہ پارس اور وقاص خان کو انچارج جابہ چوکی سے ایس ایچ او تھانہ دربند اور محمد مسکین کو ایس ایچ او تھانہ نواز آباد تعینات کر دیا گیا ذرائع کے مطابق آئندہ دنوں میں مانسہرہ میں انتظامی امور کے حوالہ سے مزید افسران کے تبادلوں و تعیناتیوں کے امکانات ہیں،

بقیہ نمبر 27

صوبائی سیلر یٹری کبیر افغان، صوبائی ڈپٹی سیلر یٹریز صورت خان کاکڑ، نوابزادہ اسفندیار جوگیزئی، گل خلجی اور ضلع کوئٹہ کمیٹی کے ایگزیکٹو رکن جنان خان اچکزئی سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران آرچر روڈ، کوئٹہ پر واقع سینٹ گیبریل اسکول کے حوالے سے اوقاف ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے 73 سالہ معاہدہ ختم کرنے اور اسکول کی جگہ کمرشل پلازہ تعمیر کرنے کے منصوبے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر مرکزی سیکرٹری جنرل عبدالرحیم زیارتوال نے کہا کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی مذکورہ معاہدے کے خاتمے اور سینٹ گیبریل اسکول کی جگہ کمرشل پلازہ تعمیر کرنے کے منصوبے کی شدید مذمت کرتی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سینٹ گیبریل اسکول کو فوری طور پر بحال کیا جائے تاکہ کوئٹہ شہر کے طلبہ و طالبات اس تاریخی اور اہم تعلیمی ادارے میں دوبارہ تعلیم حاصل کر سکیں۔ انہوں نے مزید یقین دہانی کرائی کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اس معاملے کو ہر مناسب فورم پر بھرپور انداز میں اٹھائے گی اور سینٹ گیبریل اسکول کی بحالی کے لیے اپنی مکمل سیاسی و اخلاقی حمایت جاری رکھے گی

بقیہ نمبر 28

سرزنش کی گئی۔ چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی افتخار چیچھر نے کہا کہ محکمہ واسا کے انجینئیر کی وجہ سے سرکاری خزانے کا ضیاع ہو رہا ہے۔ ڈی جی واسا نے بتایا کہ ٹھیکیداروں کے وقت پر کام مکمل نہ کرنے سے لاگت بڑھی ہے۔ چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے کہا کہ ٹینڈرز کے وقت کے مطابق کام کروانا آپ کی ذمہ داری ہے۔ کمیٹی نے فنانس ڈیپارٹمنٹ کو متعلقہ بےضابطگیوں پر دو روز میں انکوائری کے بعد رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کردی

بقیہ نمبر 29

نے بدھ کی صبح لاہور ایئرپورٹ پر لینڈ کرنا تھا، تاہم ضروری اجازت نامہ نہ ملنے کی وجہ سے تہران سے پرواز ٹیک آف ہی نہ کر سکی

بقیہ نمبر 30

ٹرمپ شیطان نے ایک مرتبہ پھر ایران پر حملہ کر دیا حالانکہ ایرانی سپریم لیڈر کی آخری رسومات جاری تھیں یا سداران انقلاب کا تباہ کن جوابی دار امریکی شیطانی اڈے ملیامیٹ کر دیئے شہباز شریف سے کوئی پوچھے تمہاری ثالثی کی اوقات بس اتنی ہے ٹرمپ نے حملہ نہ کرنے کے اپنے عہد سے غداری کی سزا ملنی چاہیے انہوں نے اپنے ردعمل میں کہا کہ امریکہ پر اعتبار نہیں کیا جا سکتا آبنائے ہرمز ایران کی ایٹمی طاقت ہے جس سے وہ دستبردار نہیں ہو سکتا امریکہ اور اسرائیل امن کے دشمن ہیں دنیا کو ہر حال میں ان دو بدمعاش ریاستوں کا مقابلہ کرنا ہوگا ورنہ دنیا میں آگ و خون کا یہ کھیل جاری رہے گا انہوں نے مزید کہا کہ امریکہ ایران کی شدید مزاحمت کے باعث بوکھلاہٹ کا شکار ہے ٹرمپ ان دنیا کو تباہ کر دے گا اسے ہر حال میں روکنا ہوگا

بقیہ نمبر 31

لی اور قدرتی وسائل پر مبنی حل کو ملک بھر میں فروغ دینے کے لیے مشترکہ حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا تقریب کے مہمان خصوصی وزارت موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی رابطہ کے ایڈیشنل سیکرٹری امیر محی الدین کا کہنا تھا کہ پاکستان میں سیلابوں کی نوعیت تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے اور گلیشیئرز کے پگھلنے اور شہری سیلاب جیسے خطرات میں اضافہ ہو رہا ہے انہوں نے جنگلات، چراگاہوں، آبی ذخائر اور محفوظ قدرتی علاقوں کے تحفظ کو موسمیاتی لچک اور حیاتیاتی تنوع کے لیے ناگزیر قرار دیتے ہوئے ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان اور ہلال احمر پاکستان کی کاوشوں کو سراہا اس موقع پر ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان کے ڈائریکٹر جنرل حماد نقی خان نے کہا کہ ہمارا ادارہ گزشتہ کئی برسوں سے قدرتی وسائل پر مبنی مختلف اقدامات کے ذریعے پانی کے تحفظ سیلابی خطرات میں کمی ماحولیاتی نظام کی بحالی اور مقامی آبادی کی موسمیاتی لچک میں بہتری کے لیے کام کر رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ پانچ برسوں میں 320 سے زائد منصوبوں کے ذریعے گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا اور پنجاب کے 16 اضلاع میں پانچ لاکھ سے زائد افراد مستفید ہوئے ہیں۔ ہلال احمر پاکستان کی چیئرپرسن محترمہ فرزانہ نائیک کا کہنا تھا کہ موسمیاتی بحران سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے انسان اور فطرت دونوں کا تحفظ ضروری ہے۔ قدرتی وسائل پر مبنی حل کو فروغ دینے کے لیے مضبوط شراکت داری، مؤثر پالیسی سازی، پائیدار سرمایہ کاری اور مقامی آبادی کی فعال شمولیت وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پینل ڈسکشن بھی سیمینار کا حصہ تھی، شرکاء کی جانب سے اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ حکومت، انسانی ہمدردی کی تنظیموں، تعلیمی و تحقیقی اداروں، سول سوسائٹی اور نجی شعبے کے باہمی تعاون سے قدرتی وسائل پر مبنی حل کو موسمیاتی موافقت، قدرتی آفات سے بچاؤ اور پائیدار ترقی کی قومی حکمت عملی کا مؤثر حصہ بنایا جائے گا

بقیہ نمبر 32

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران شرکاء نے حاجی عثمان کو سالگرہ کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی سماجی اور کاروباری خدمات کو سراہا۔ تقریب کا اہتمام پاک اوورسیز میڈیا کے ساجد یامین کی جانب سے کیا گیا اس موقع پر یونائیٹڈ جرنلسٹس فورم کے چیئرمین جہانگیر خان، زبیر صدیقی، پاک اوورسیز میڈیا کے صدر راجہ شعیب الطاف، اور سینئر صحافی عادل نذیر بھی موجود تھے۔ تقریب کے شرکاء نے حاجی عثمان کی کامیابیوں اور معاشرے کے لیے ان کی خدمات پر تفصیلی گفتگو کی۔ حاجی عثمان نے مہمانوں کے ساتھ مل کر سالگرہ کا کیک کاٹا۔

بقیہ نمبر 33

زائد پوائنٹس کی کمی کے ساتھ پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 83 ہزار 528 پوائنٹس کی سطح پر آ گیا۔ ٹریڈنگ کے دوران سٹاک مارکیٹ میں مندی کا رجحان برقرار رہا جس کے باعث کاروباری روز کے اختتام پر ہنڈرڈ انڈیکس 4626 پوائنٹس کی کمی کے ساتھ ایک لاکھ 81 ہزار 629 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔ واضح رہے کہ گزشتہ کاروباری روز کے اختتام پر پاکستان سٹاک ایکسچینج میں ہنڈرڈ انڈیکس 1199 پوائنٹس کی کمی کے ساتھ ایک لاکھ 86 ہزار 255 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تھا۔

بقیہ نمبر 34

سرگرمیوں، سرویلنس، ہاٹ اسپاٹس کی مانیٹرنگ، لاروا تلفی، ان ڈور اور آؤٹ ڈور سرویلنس، صفائی کی صورتحال، آگاہی مہم اور مختلف محکموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے اپنی اپنی محکمانہ کارروائیوں اور آئندہ کے لائحہ عمل پر بریفنگ بھی دی۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ہدایت کی کہ تمام محکمے انسداد ڈینگی ایس او پیز پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں اور روزانہ کی بنیاد پر فیلڈ سرگرمیوں میں مزید تیزی لائیں۔ انہوں نے کہا کہ ممکنہ افزائش گاہوں کا بروقت خاتمہ، حساس مقامات کی مسلسل نگرانی اور مؤثر بین المحکماتی رابطہ ڈینگی کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ عوامی آگاہی مہم کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ شہری اپنے گھروں، دفاتر اور اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھیں اور کہیں بھی پانی کھڑا نہ ہونے دیں۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ تمام سرگرمیوں کی باقاعدہ مانیٹرنگ کی جائے اور غفلت یا کوتاہی کی صورت میں ذمہ داروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق ڈینگی کے خلاف جاری مہم کو کامیاب بنانے کے لیے تمام ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری دیانت داری اور جذبے کے ساتھ انجام دیں تاکہ شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ ڈینگی کی روک تھام کے لیے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 35

رفیق کو سیکرٹری محکمہ ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر نے فلڈ پریپیرڈنیس اور ریسپانس پلان پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ فلڈ ریسکیو آپریشن کیلئے متعلقہ سامان خرید لیا جا چکا ہے۔ صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق نے فلڈ ریسپانس کیلئے خریدے گئے جدید ریسکیو آلات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ صوبائی وزیر صحت و ایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے ریسکیو 1122 کو جدید ترین فلڈ ریسکیو وسائل فراہم کئے گئے ہیں۔ جدید آلات اور پیشگی منصوبہ بندی سے ریسکیو 1122 کی فلڈ ریسپانس صلاحیت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے جدید جیٹ سکی، ایلومینیم ریسکیو بوٹس، لائف جیکٹس اور جدید کمیونیکیشن آلات خریدے گئے ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں شہریوں کو بروقت، مؤثر اور محفوظ ریسکیو سروسز فراہم کرنا اولین ترجیح ہے۔ قبل از وقت تیاری، جدید وسائل اور تربیت یافتہ اہلکار مؤثر فلڈ ریسکیو آپریشن کی ضمانت ہیں۔ سیکرٹری محکمہ ایمرجنسی سروسز پنجاب ڈاکٹر رضوان نصیر نے کہا کہ پنجاب ایمرجنسی سروس متعلقہ اداروں کے ساتھ صوبہ بھر میں 100 سے زائد فلڈ موک ایکسرسائز کر چکی ہے۔ فلڈ موک ایکسرسائز سے اداروں کے درمیان کوآرڈینیشن، ریسپانس اور آپریشنل صلاحیت میں نمایاں بہتری آئی ہے

بقیہ نمبر 36

جیٹور برانڈ کی توسیع اور جدید آٹو موٹیو ٹیکنالوجی کے فروغ کی جانب ایک اہم سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔ تقریب رونمائی میں ممتاز کاروباری شخصیات، آٹو موٹیو انڈسٹری کے ماہرین، میڈیا نمائندگان، کاروباری شراکت داروں، معزز صارفین اور گاڑیوں کے شوقین افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکاء کو جیٹور T2 PHEV کی جدید ٹیکنالوجی، ڈیزائن، کارکردگی اور منفرد فیچرز سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر جیٹور کیپیٹل کی انتظامیہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کمپنی پاکستانی صارفین کو عالمی معیار کی جدید، محفوظ اور ماحول دوست گاڑیاں فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جیٹور T2 PHEV جدید پلگ ان ہائبرڈ ٹیکنالوجی، طاقتور کارکردگی، اعلیٰ درجے کے آرام، ذہین ڈرائیونگ فیچرز اور شاندار آف روڈ صلاحیتوں کا منفرد امتزاج ہے، جو جدید دور کے صارفین کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کی گئی ہے۔ انتظامیہ نے اس عزم کا بھی اعادہ کیا کہ جیٹور کیپیٹل نہ صرف معیاری گاڑیاں فراہم کرے گی بلکہ بہترین بعد از فروخت سروس، مستند سپورٹ اور صارف دوست سہولیات کے ذریعے اپنے صارفین کو عالمی معیار کا ملکیتی تجربہ بھی فراہم کرے گی۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء کو جیٹور T2 PHEV کا عملی مشاہدہ کرایا گیا، جبکہ صارفین کو دعوت دی گئی کہ وہ جی ٹی روڈ، ٹی چوک راولپنڈی میں قائم نئے جیٹور کیپیٹل شوروم کا دورہ کریں، جدید SUV کی خصوصیات سے آگاہ ہوں اور ٹیسٹ ڈرائیو کے ذریعے اس کی بہترین کارکردگی کا خود تجربہ کریں

بقیہ نمبر 37

نے بلااشتعال فوجی کارروائیوں اور حملوں کے ذریعے معاہدے کو نقصان پہنچایا۔

بقیہ نمبر 38

ہے کہ خطے میں نئی جنگ کسی کے مفاد میں نہیں ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان نے ایران اور امریکا کے درمیان جارحیت اور خطے میں بڑھتی کشیدگی پر اظہار تشویش کرتے ہوئے تمام فریقین سے تحمل کا مظاہرہ کرنے کی اپیل کردی۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ خطے میں ایک نئی جنگ کسی کے مفاد میں نہیں ہے، تمام فریقین تحمل کا مظاہرہ کریں اور ایسے اقدام سے گریز کریں جو امن و استحکام کو مزید نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ دفتر خارجہ نے کہا کہ خطے میں امن کے حصول کے لیے مسلسل مصروفیت، مذاکرات اور سفارت کاری کا کوئی متبادل نہیں ہے، پاکستان تمام فریقین پر زور دیتا ہے کہ وہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے تحت متعلقہ ذمہ داریوں کو نبھائیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے مزید کہا کہ مفاہمتی یادداشت خطے اور اس سے باہر افہام و تفہیم، احترام اور مشترکہ خوشحالی کی ایک پائیدار بنیاد ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان نے اس سلسلے میں اپنا کردار ادا کرتے رہنے کی یقین دہانی بھی کرائی ہے۔

بقیہ نمبر 39

کہ میرے خیال میں ایران کے ساتھ ایم او یو ختم ہو چکا ہے۔ ترکیے کے دارالحکومت انقرہ میں نیٹو سربراہ کے ساتھ ملاقات کے بعد میڈیا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ گرین لینڈ اور ایران کے معاملے پر نیٹو سے خوش نہیں ہوں۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ ایرانیوں سے ڈیل نہیں کرنا چاہتا، ایران کے ساتھ جنگ بندی بھی ختم ہو گئی ہے، ایرانیوں کے پاس جوہری ہتھیار ہوتے تو وہ اسے استعمال کرتے، میں ایران کے ساتھ اپنا وقت ضائع کرنا نہیں چاہتا۔

بقیہ نمبر 40

پروف گاڑیوں کے پرمٹ کی 2 کروڑ 24 لاکھ کی فیس اور جرمانے وصول نہیں ہوئے، بلٹ پروف گاڑیوں کے 164 این او سیز سے سالانہ فیس بھی نہیں لی گئی، 3421 اسلحہ لائسنسوں کی 5 کروڑ 62 لاکھ فیس بھی خزانے میں جمع نہیں ہوئی۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق اسلحہ لائسنس کو مینوئل بک سے مشین ریڈ ایبل نہ کرنے پر بھی آڈٹ حکام نے اعتراض عائد کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق 25 ہزار 516 اسلحہ لائسنس میں 16 ہزار سے زائد ممنوعہ بور کے ہیں، ممنوعہ بور اسلحہ لائسنسز کے اجراء کے ڈیٹا میں بھی خامیاں پائی گئیں، وزارت داخلہ کی خریداری میں بھی 2 ارب 58 کروڑ روپے کی بےضابطگیاں ہوئیں۔ رپورٹ کے مطابق انٹرنل کنٹرول کے 41 کروڑ روپے سے زائد کے آڈٹ اعتراضات بھی اٹھا دیئے گئے، فراڈ اور مالی خورد برد سے متعلق 29 کروڑ روپے کی بےضابطگیاں بھی رپورٹ ہوئیں۔

بقیہ نمبر 41

روضہ امام حسین کے مزار پر بھی نماز جنازہ ادا ہوئی، فاتحہ پڑھی گئی، نوحہ اور مرثیہ خوانی بھی ہوئی اور رات بھر یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ لاکھوں عراقی شہید رہبر معظم کی میت کے دیدار کے لیے آ رہے ہیں عراقی شہروں نجف اور کربلا میں ہونے والی شہید خامنہ ای کی نماز جنازہ اور جلوس میں ایرانی صدر مسعود پزشکیان، عراقی وزیراعظم اور دیگر اعلیٰ حکام بھی شریک ہوئے جب کہ عزاداروں نے ایران اور عراق کے پرچم اٹھا رکھے تھے۔ سرکاری شیڈول کے مطابق آج بروز جمعرات شہید خامنہ ای کے جسد خاکی کو ایران واپس لایا جائے گا اور ان کے آبائی شہر مشہد میں روضہ امام رضاؑ کے احاطے میں تدفین کی جائے گی۔ واضح رہے کہ 28 فروری کو امریکی اور اسرائیلی حملے میں آیت اللہ خامنہ ای اپنے خاندان کے چند افراد اور عسکری قیادت سمیت شہید ہو گئے تھے لیکن تجہیز و تکفین اس وقت نہیں کی گئی تھی۔

بقیہ نمبر 42

فیلڈ مارشل نے کہا کہ این ڈی یو جیسے ادارے مستقبل کی عسکری و سول قیادت کو ہائبرڈ خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے آراستہ کر رہے ہیں۔ آرمی چیف نے کہا کہ دشمن ایجنسیوں کی سرپرستی میں کام کرنے والے پراکسی عناصر کی تمام کوششیں ناکام ہوں گی اور سرحد پار سے ہونے والی دہشت گردی کو ریاست کی پوری قوت سے کچل دیا جائے گا۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج دشمن کی انٹیلی جنس ایجنسیوں سے مکمل باخبر ہے، پراکسی عناصر کو پاکستان کے امن و خوشحالی کو نقصان پہنچانے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، افواج قوم کی حمایت کے ساتھ ان پراکسی عناصر کے ٹھکانوں کا خاتمہ یقینی بنائے گی جبکہ دہشت گردوں کے سہولت کاروں کا مکمل خاتمہ کریں گے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے کہا کہ پیچیدہ اسٹریٹجک چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اسٹریٹجک بصیرت اور ادارہ جاتی پیشہ ورانہ مہارت بنیادی اہمیت رکھتی ہے، جنگیں بیان بازی یا سیاسی نعروں سے نہیں ایمان، اتحاد اور نظم و ضبط سے جیتی جاتی ہیں۔

بقیہ نمبر 43

بلوچستان میں سیکیورٹی صورتحال پر بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے مذموم مقاصد کے لیے معصوم شہریوں کو ہدف بنایا، بلوچستان کے بہادر عوام اور پولیس نے دلیری سے مقابلہ کیا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے بتایا کہ ہنہ اوڑک میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے عوام پر حملہ کیا، ہنہ اوڑک کے عوام ان دہشت گردوں کے ساتھ بہادری سے لڑے، بہادر عوام نے دہشت گردوں سے علاقہ خالی کرایا، اس دوران 4 شہری شہید 6 زخمی ہوئے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے بتایا کہ دوسرا واقعہ 6 جولائی کو مانگی ڈیم کے پمپنگ اسٹیشن کے قریب پولیس کی چیک پوسٹ پر پیش آیا، فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے پمپنگ اسٹیشن کے چیک پوسٹ پر حملہ کیا، پولیس کے جوانوں نے بہادری سے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا، 15 خارجی جہنم واصل کیے، 6 جولائی کو دہشت گردوں سے لڑائی میں پولیس کے 9 جوان شہید ہوئے، سیکیورٹی فورسز کے پہنچنے سے پہلے دہشت گردوں نے پولیس جوانوں کو یرغمال بنا لیا تھا، دہشت گرد 15 خارجیوں کی لاشیں وہاں چھوڑ کر گئے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق پولیس کے ان یرغمال جوانوں کا تعلق بلوچستان سے تھا، سیکیورٹی فورسز نے ان دہشت گردوں کے گرد احتیاط سے گھیرا تنگ کیا، ان کے پاس ہمارے بچے یرغمال تھے، 6 جولائی سے زیارت کے پہاڑوں میں ان دہشت گردوں سے انگیجمنٹ چل رہی تھی، ان دہشت گردوں کو گھیرا تنگ ہو چکا ہے تو ان بزدلوں نے 18 پولیس جوانوں کو شہید کر دیا، اس انگیجمنٹ میں 11 خارجیوں کے مارے جانے کی تصدیق ہوئی ہے لیکن تعداد اس سے زیادہ ہے۔

بقیہ نمبر 44

ہے۔ بدھ کو وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت اسلام آباد میں گلگت بلتستان کے لیے 100 میگاواٹ شمسی توانائی منصوبے پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں منصوبے پر ہونے والی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

بقیہ نمبر 45

لیپ ٹاپ، نقدی اور اسلحہ کو بھی برآمد کرنا ہے۔ 2 ملزمان کے وکیل ایڈووکیٹ سلمان شاہد نے مزید جسمانی ریمانڈ کی درخواست کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ ان کے موکلوں کا مبینہ جرائم سے کوئی تعلق نہیں، پولیس کے اپنے ورژن کے مطابق یہ معاملہ ریپ یا اغوا کا نہیں بلکہ کرپٹو کرنسی کے تنازع سے متعلق تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاملہ فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) کے دائرہ اختیار میں آتا ہے۔ پولیس نے ملزمان کو چہروں پر ماسک لگا کر عدالت پیش کیا، عدالت نے ملزمان کے جسمانی ریمانڈ میں 5 روز کی توسیع کر دی۔ عدالت نے ملزمان کو 13 جولائی کو دوبارہ پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور میں یورپی ممالک ہالینڈ اور سپین سے تعلق رکھنے والی دو خواتین کے مبینہ اغوا کا واقعہ 29 جون کو پیش آیا تھا اور پولیس نے اس معاملے میں پاکستان کے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کے ایک رشتہ دار سمیت 8 افراد کو گرفتار کیا ہے۔ انوار کوڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا تھا کہ لاہور سے دو غیر ملکی خواتین کے اغوا برائے تاوان کے کیس میں آٹھ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے جن میں ایک بڑی سیاسی شخصیت کے رشتہ دار بھی ملوث ہیں اور پولیس میرٹ پر اس معاملے کی تحقیقات کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 46

ایجنڈے پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ معاشی اصلاحات اور مؤثر معاشی پالیسیوں سے پاکستان کی اقتصادی کارکردگی مسلسل بہتر ہو رہی ہے۔ ایس اینڈ پی گلوبل ریٹنگز نے پاکستان کی معاشی اصلاحات، مالیاتی نظم و ضبط، قرضوں کی پائیداری اور معاشی استحکام کے لیے حکومتی عزم کو سراہا۔ وزیر خزانہ نے وفد کو بتایا کہ مالی سال 27-2026 کے بجٹ کے تحت پاکستان کے معاشی بنیادی اشاریوں میں نمایاں بہتری آئی ہے۔

بقیہ نمبر 47

ابو صفیہ کی اسرائیلی فورسز کے ہاتھوں گرفتاری اور قید کو "من مانی حراست" (Arbitrary Detention) قرار دیتے ہوئے ان کی فوری اور غیر مشروط رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ڈاکٹر حسام ابو صفیہ طویل عرصے سے اسرائیل کی حراست میں ہیں، جہاں انہیں کسی بھی قسم کی باقاعدہ فرد جرم (Charges) کے بغیر پس دیوار زنداں رکھا گیا ہے۔ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے ماہرین نے اس حراست کو بین الاقوامی قوانین اور بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ اقوام متحدہ کی جانب سے اس اہم اعلان کے بعد، دنیا بھر کی متعدد معتبر انسانی حقوق کی تنظیموں نے بھی اسرائیلی رویے کی سخت مذمت کی ہے۔ عالمی ماہرین کا کہنا ہے کہ ڈاکٹر حسام نے انتہائی کٹھن حالات میں غزہ کے جنگ زدہ عوام کو طبی سہولیات فراہم کیں، اور انہیں اس مہم کے دوران نشانہ بنانا طبی عملے کے تحفظ کے بین الاقوامی قوانین کے منافی ہے۔ انسانی حقوق کونسل اور دیگر عالمی اداروں نے مطالبہ کیا ہے کہ جب تک ڈاکٹر حسام ابو صفیہ کو رہا نہیں کیا جاتا، تب تک انہیں فوری طور پر مناسب طبی سہولتیں اور اپنے وکلاء تک رسائی فراہم کی جائے۔ بصرین کا کہنا ہے کہ غزہ میں ڈاکٹروں اور طبی عملے کی اس طرح کی گرفتاریاں فلسطینیوں کے نظام صحت کو مکمل طور پر مفلوج کرنے کی کوششوں کا حصہ ہیں۔

بقیہ نمبر 48

افسران میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر شہزادہ محمد نسیم، سینئر ایگزیکٹو راجہ تیمور اور انٹیلی جنس آفیسر جنید محمود شامل ہیں، جن کی قبل از گرفتاری ضمانتیں اسپیشل جج سنٹرل اسلام آباد نے خارج کر دیں۔ ایف آئی اے کے مطابق افغان شہری محمد امین پہلے ہی گرفتار ہو کر اڈیالہ جیل میں ہے جب کہ اس کی بعد از گرفتاری ضمانت بھی مسترد ہو چکی ہے۔ مقدمے کی مزید تفتیش ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل اسلام آباد کر رہا ہے۔

بقیہ نمبر 49

صدر اردوان نے کہا کہ نیٹو اتحادیوں کے درمیان مکمل ہم آہنگی اور تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان کے مطابق یورپ اور بحر اوقیانوس کے دونوں جانب موجود اتحادی ممالک کے تعلقات کو نقصان پہنچانے والی کسی بھی بات سے گریز کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اتحاد کا براہ راست تعلق سلامتی سے ہے، اس لیے ہمیں ہر ایسے اختلاف سے بچنا ہوگا جو نیٹو کے اندر تقسیم یا کمزوری پیدا کرے۔ ترک صدر نے امید ظاہر کی کہ انقرہ میں ہونے والا نیٹو سربراہی اجلاس عالمی امن، استحکام اور رکن ممالک کے درمیان مزید تعاون کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا

بقیہ نمبر 50

لے کر 10 جون 2026 تک مجموعی طور پر 31 سے زائد مسافر اور مال بردار ٹرینیں ڈی ریلمنٹ، تصادم، کھڑی گاڑیوں اور ان کے پاور پلانٹ و بین میں آگ لگنے جیسے حادثات کا شکار ہوئیں۔ ان حادثات کی ابتدائی تحقیقات کے بعد فیڈرل انویسٹی گیشن آفیسر کی نگرانی میں اعلیٰ سطح کی تحقیقاتی ٹیمیں تشکیل دی گئیں، جنہوں نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر مسافروں اور ریلوے ملازمین کے بیانات قلمبند کیے، شواہد اکٹھے کیے اور تفصیلی رپورٹس تیار کر کے چیف ایگزیکٹو آفیسر پاکستان ریلویز، چیئرمین ریلوے اور وفاقی وزیر ریلوے کو ارسال کیں۔ تاہم، ایک سال سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود ان انکوائریوں میں غفلت کے مرتکب افسران اور اہلکاروں کے خلاف کوئی مؤثر کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ ریلوے ذرائع کے مطابق رواں سال کے علاوہ گزشتہ پانچ برسوں کے دوران پیش آنے والے متعدد حادثات کی انکوائریاں بھی مکمل ہو چکی ہیں، مگر ان میں سے بیشتر پر اعتراضات لگا کر دوبارہ تحقیقات کا حکم دے دیا گیا۔ دوبارہ انکوائریاں مکمل ہونے کے باوجود بھی ذمہ داروں کے خلاف کارروائی نہ ہو سکی۔ دستاویزات کے مطابق مئی 2025 سے 10 جون 2026 تک کراچی ڈویژن میں پیش آنے والے حادثات کی 12، سکھر ڈویژن کی 11، لاہور ڈویژن کی 2، راولپنڈی ڈویژن کی 4 جبکہ پشاور اور کوئٹہ ڈویژن کی ایک، ایک انکوائری تاحال التوا کا شکار ہے۔ تحقیقاتی ٹیموں نے اپنی رپورٹس میں حادثات کی متعدد وجوہات کی نشاندہی کی ہے، جن میں عوام کی جانب سے پھاٹک موجود ہونے کے باوجود ریلوے کراسنگ عبور کرنا، رولنگ اسٹاک (بوگیوں اور دیگر ریلوے آلات) کا ناقص اور خستہ حال ہونا، ریلوے انفراسٹرکچر کی بوسیدہ حالت، بجٹ میں ناکافی فنڈز، ریلوے ٹریک اور دیگر تنصیبات کے اطراف رہائشی و تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ، ملازمین کی نااہلی، بدانتظامی، روایتی غفلت اور دہشت گردی کے واقعات شامل ہیں۔ اس حوالے سے جب ترجمان وزارت ریلوے سے رابطہ کیا گیا تو ان کا کہنا تھا کہ "انکوائریاں ابھی جاری ہیں، جیسے ہی مکمل ہوں گی، میڈیا کو آگاہ کر دیا جائے گا

بقیہ نمبر 51

کا اہلکار بدھ کی صبح دشمن کے ڈرون کا مقابلہ کرتے ہوئے مارا گیا۔ قبل ازیں امریکی فوج نے اعلان کیا کہ اس نے تین بحری جہازوں پر گزشتہ روز کے حملوں کے جواب میں جنوبی ایران میں 80 اہداف پر بمباری کی ہے۔ اس سے قبل ان حملوں میں متعدد افراد کے زخمی ہونے کا اعلان کیا گیا تھا اس کے جواب میں پاسداران انقلاب نے بھی خطے میں امریکہ کے 85 اہداف اور ایک ڈرون مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے۔ ایران نے آبنائے ہرمز میں ان بحری جہازوں پر گزشتہ روز کے حملوں کی ذمہ داری سے انکار کیا ہے

بقیہ نمبر 52

بنا دیا ہے۔ ایلس پر جاری بیان میں کاجا کلاس نے کہا کہ ایران کی جانب سے بحرین اور کویت پر حملے ناقابل قبول ہیں اور اس طرح کے اقدامات خطے میں کشیدگی کو مزید بڑھا سکتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ایران نے ایک مفاہمتی یادداشت کے تحت آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کا وعدہ کیا تھا، تاہم حالیہ دنوں میں آبنائے ہرمز کے قریب جہازوں پر حملے اس عہد کی خلاف ورزی ہیں۔ ان کے بقول یہ کارروائیاں توانائی کی ترسیل کی بحالی کے عمل کے لیے بھی خطرہ بن سکتی ہیں۔ یورپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ نے زور دیا کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے والی بین الاقوامی جہاز رانی کی بلا رکاوٹ جاری رہنا چاہیے اور سمندری راستوں پر آزادی نقل و حمل کو ہر قیمت پر یقینی بنایا جانا چاہیے۔ کاجا کلاس نے مزید بتایا کہ آئندہ پیر کو یورپی یونین کے وزرائے خارجہ اپنے خلیجی ممالک کے ہم منصبوں کے ساتھ ملاقات کریں گے۔ اس اجلاس میں فریقین اس بات پر غور کریں گے کہ معاہدے پر عمل درآمد میں کس طرح تعاون کیا جا سکتا ہے اور آبنائے ہرمز کے ساتھ ساتھ بحیرہ احمر میں جہاز رانی کی آزادی کو کیسے برقرار رکھا جا سکتا ہے۔ یورپی یونین کا کہنا ہے کہ خطے میں استحکام اور توانائی کی محفوظ ترسیل کے لیے سمندری راستوں کا کھلا اور محفوظ رہنا ناگزیر ہے۔

بقیہ نمبر 53

سال کے مقابلے میں 2.13 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اعداد و شمار کے مطابق مجموعی آمدنی ابتدائی تخمینے کے مقابلے میں 10 فیصد کم رہی، جبکہ تیل سے حاصل ہونے والی آمدنی میں 2.11 فیصد کمی کے بعد یہ 3.15 ارب کویتی دینار رہ گئی جو 49 ارب ڈالر سے زائد بنتے ہیں

بقیہ نمبر 54

ایران کے خلاف تیل سے متعلق پابندیاں دوبارہ نافذ کرتے ہوئے ایرانی خام تیل کی فروخت کی اجازت دینے والا جنرل لائسنس واپس لے لیا۔ امریکی حکام کا مؤقف ہے کہ یہ فیصلہ آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں پر حملوں کے بعد کیا گیا۔ اس پیش رفت کے بعد عالمی منڈی میں برینٹ خام تیل اور ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (WTI) خام تیل کی قیمتوں میں تیزی دیکھنے میں آئی۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر مشرق وسطیٰ میں کشیدگی برقرار رہی اور تیل کی سپلائی متاثر ہوئی تو آئندہ دنوں میں قیمتوں میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے۔ توانائی کے شعبے کے ماہرین کے مطابق عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات دنیا بھر میں ایندھن، نقل و حمل اور دیگر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر بھی مرتب ہو سکتے ہیں، جبکہ درآمدی تیل پر انحصار کرنے والے ممالک کو اضافی مالی دباؤ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے

بقیہ نمبر 55

تحریک آزادی کے دوران مادر ملت نے قائد اعظم محمد علی جناح کے دست راست کی حیثیت سے ہر مشکل مرحلے میں ان کا بھرپور ساتھ دیا اور برصغیر کے مسلمانوں میں اتحاد، اعتماد اور آزادی کی نئی روح بیدار کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ قیام پاکستان کے بعد بھی انہوں نے آئینی بالادستی، جمہوری استحکام اور عوامی نمائندگی کے فروغ کے لیے ہمیشہ اصولی مؤقف اختیار کیا۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ مادر ملت کی پوری زندگی دیانت، سچائی، قومی خدمت اور ثابت قدمی کی عملی مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں قومی یکجہتی، جمہوری اقدار، برداشت اور قانون کی حکمرانی کو مضبوط بنانے کے لیے فاطمہ جناح کے افکار اور کردار سے رہنمائی حاصل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مادر ملت نے پاکستانی خواتین کو قومی ترقی میں فعال کردار ادا کرنے کا حوصلہ دیا اور یہ ثابت کیا کہ خواتین ہر شعبۂ زندگی میں قائدانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کر سکتی ہیں۔ ان کی جدوجہد خواتین کے وقار، مساوی مواقع اور قومی تعمیر میں ان کے کردار کی ایک روشن مثال ہے۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ پوری قوم مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کی قومی خدمات کو ہمیشہ احترام کے ساتھ یاد رکھے گی اور ان کے مشن، کردار اور اصولوں سے آنے والی نسلیں مسلسل رہنمائی حاصل کرتی رہیں گی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پاکستان کو ان کے خوابوں کے مطابق ایک مضبوط، متحد، جمہوری اور خوشحال ریاست بنانے کی توفیق عطا فرمائے

بقیہ نمبر 56

ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ پاک بحریہ اور پی ایم ایس اے نے سمندر میں 12 گھنٹے سے زائد جاری رہنے والے آپریشن کے دوران لاپتہ طیارہ کے 2 ایئرویز کارگو بی 737 کا ملبہ تلاش کر لیا ہے۔

بقیہ نمبر 57

سازی نہیں کی۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا اسمبلی نے متنازعہ بل منظور کیا، متنازعہ بل کے تحت اسلحہ کلچر کو فروغ دیا گیا،

بقیہ نمبر 58

کے باقی شہروں کو دیکھا جائے تو راولپنڈی میں لوگ شیڈنگ نہ ہونے کے برابر ہے ہم اپنے تمام صارفین سے گزارش کرتے ہیں کہ بجلی کا کم سے کم استعمال کیا جائے اور غیر ضروری استعمال سے گریز کیا جائے تاکہ عوام کو لوڈ شیڈنگ سے بچایا جائے میں ان سرکین سے گزارش کروں گا جن کے پاس سولر سسٹم ہے وہ لوگ کوشش کریں کہ زیادہ سے زیادہ سولر سے کام لیا جائے تاکہ غریب عوام کو بجلی فراہم کی جائے اور ان کو لوگ شیڈنگ سے بچایا جائے راولپنڈی میں 10 سے 15 منٹ کی زیادہ سے زیادہ لوگ شیڈنگ ہوتی ہے وہ بھی ہماری کوشش ہے کہ ہم اس کو بھی نہ کریں باقی ہم عوام سے بھی گزارش کرتے ہیں کہ وہ ایسی موٹرز اور استری کا کم سے کم استعمال کریں باقی واپڈا کے اہلکار دن رات لوگوں کی خدمت کرنے میں مصروف ہیں میرا آفس ہر قسم کے صارفین کے لیے کھلا ہے اگر ان کو کسی بھی قسم کی کوئی پریشانی ہے تو وہ مجھ سے رابطہ کر سکتے ہیں وہ اپ کا مزدور یونین کے چیئرمین راجہ کامران اور جنرل سیکرٹری ارشد میر نے افسران سے مل کر ہمیشہ ایسی پالیسیاں مرتب کی ہیں جس سے واپڈا مزدور کا تحفظ کیا جائے

بقیہ نمبر 59

ذرائع کے مطابق سعودی عرب نے پاکستان کی اس تجویز کا مثبت جواب دیا ہے اور فنڈز کو طویل مدتی سرمایہ کاری میں منتقل کرنے پر آمادگی ظاہر کی ہے۔ اس منصوبے کے تحت دونوں ممالک نے چار بڑے اور اہم شعبوں میں اس رقم کو منتقل کرنے پر اتفاق کیا ہے، جن میں بندرگاہیں، معدنیات و کان کنی، شپنگ اور لاجسٹکس، اور بحری انفراسٹرکچر شامل ہیں۔ معاشی ماہرین کا کہنا ہے کہ اس اقدام سے پاکستان کے بیرونی کھاتوں پر قرضوں کی واپسی کا دباؤ مستقل طور پر ختم ہو جائے گا۔ واضح رہے کہ سعودی عرب نے حال ہی میں ان 5 ارب ڈالر کے ڈپازٹس کی مدت میں 2028 تک کی توسیع کی تھی، تاہم اب اسے قرض کے بجائے باقاعدہ سرمایہ کاری کا روپ دیا جا رہا ہے، جس سے نہ صرف ملکی زرمبادلہ کے ذخائر کو مستقل استحکام ملے گا بلکہ ملک میں روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔

بقیہ نمبر 60

کے لیے درخواست گزار کے وکیل بیرسٹر گوہر کو مہلت دے دی۔ وفاقی آئینی عدالت میں پی ٹی آئی رہنما اور رکن قومی اسمبلی سہیل سلطان کی اہلیت سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی، جسٹس حسن اظہر رضوی کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے کی۔ دوران سماعت وفاقی حکومت نے کیس میں اپنا جواب عدالت میں جمع کرا دیا، جس پر درخواست گزار کے وکیل بیرسٹر گوہر نے مؤقف اختیار کیا کہ انہیں حکومتی جواب کا جائزہ لینے کے لیے وقت دیا جائے۔ عدالت نے درخواست منظور کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر کو جواب کا مطالعہ کرنے کے لیے مہلت دے دی۔ اس پر بیرسٹر گوہر نے عدالت کو بتایا کہ اس مقدمے میں بنیادی معاملہ الیکشن کمیشن کے دائرہ اختیار کا ہے، صوبائی حکومت کی قانون سازی عدالت کے سامنے چیلنج نہیں کی گئی، بلکہ کیس کا محور الیکشن کمیشن کے اختیارات ہیں۔ عدالت نے مزید کارروائی آئندہ سماعت تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 61

کہ آبنائے ہرمز میں ایرانی انتظامات کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے اور لبنان میں اسرائیلی حملوں کا تسلسل بھی جاری ہے، آبنائے ہرمز میں گزرگاہ صاف کرنے کے انتظامات میں مداخلت عبوری جنگ بندی کو ناقابل عمل بنا رہی ہے۔ وزارت خارجہ کی جانب سے خطے کی اقوام کو بھی خبردار کیا گیا ہے کہ اپنی سرزمین کو ایران پر نئے امریکی حملوں کیلئے استعمال کرنے کی اجازت نہ دیں۔

بقیہ نمبر 62

قیمت 1 ڈالر 38 سینٹس کی کمی سے 59 ڈالر 42 سینٹس کی سطح پر آ گئی، جس کے نتیجے میں مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی فی تولہ چاندی کی قیمت بھی 138 روپے کی کمی سے 6 ہزار 421 روپے اور فی 10 گرام چاندی کی قیمت بھی 119 روپے کی کمی سے 5 ہزار 504 روپے کی سطح پر آ گئی۔

بقیہ نمبر 63

وے منصوبہ کراچی پورٹ ٹرسٹ خود مکمل کرے یا پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت شروع کیا جائے۔ چیئرمین کمیٹی کا کہنا تھا کہ کراچی میں رات کے وقت کنٹینرز کی آمد و رفت شہریوں کے لیے شدید مسائل کا باعث بن رہی ہے، اس لیے منصوبے کی جلد تکمیل ضروری ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے اقتصادی امور کا اجلاس چیئرمین مرزا اختیار بیگ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں لیاری ایلیویٹڈ ایکسپریس وے منصوبے پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں این ایچ اے حکام نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کوریائی کمپنی نے منصوبے کی لاگت 164 ارب روپے لگائی تھی، جبکہ این ایچ اے کا تخمینہ 88 ارب روپے تھا۔

بقیہ نمبر 64

کی انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان نے تحقیقاتی کمیٹی کے حوالے سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا، کمیٹی میں سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی، سینئر ڈی آئی جی پولیس اور انٹیلی جنس بیورو کے نمائندے شامل ہوں گے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کے مطابق انکوائری کمیٹی دہشت گرد حملے سے قبل، دوران اور بعد کے تمام واقعات اور سیکیورٹی ردعمل کا جائزہ لے گی، کمیٹی سیکیورٹی اداروں کی تیاری، کمانڈ اینڈ کنٹرول، رابطہ کاری اور ایس او پیز پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لے گی۔

اسلام آباد، چیئرمین عبدالقادر پٹیل قائمہ کمیٹی برائے میری ٹائم امور کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کئی شہروں میں ہیٹ انڈیکس خطرناک حد تک بڑھ گیا

اسلام آباد (آئی این پی) ملک کے مختلف علاقوں میں شدید گرمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

ایم ڈی کیٹ رجسٹریشن تاریخ میں توسیع، ہزاروں امیدواروں کو بڑا ریلیف

اسلام آباد (آئی این پی) ایم ڈی کیٹ کی رجسٹریشن کی تاریخ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

بھارت سے منسلک 3 بین الاقوامی جرائم پیشہ گروہوں کیخلاف بڑا عالمی کریک ڈاؤن

37 پر فرد جرم، کیلیفورنیا میں 11 گرفتار

آپریشن "ہارڈ بال" کے تحت امریکا، کینیڈا، یورپ میں کارروائیاں، ہردیپ سنگھ نجر قتل، بھتہ خوری کے سنگین الزامات

یورپ میں بھارتی بشنوئی گینگ کے خلاف پچاس چھاپے، کینیڈا میں سکھ ئی گینگ پر امریکہ کا سب سے بڑا کریک ڈاؤن

لاس اینجلس (نیوز ایجنسیاں) امریکا، کینیڈا اور یورپ کے قانون نافذ کرنے والے اداروں نے مشترکہ کارروائی "آپریشن ہارڈ بال" کے تحت بھارت میں قائم تین مبینہ بین الاقوامی منظم جرائم پیشہ گروہوں کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن کرتے ہوئے تین الگ الگ فردِ جرم (Indictments) منظرِ عام پر لائیں، جن میں مجموعی طور پر 37 ملزمان کو نامزد کیا گیا ہے۔ استغاثہ کے مطابق ملزمان پر جون 2023 میں کینیڈا میں سکھ رہنما بھائی ہردیپ سنگھ نجر کے قتل، بڑے پیمانے پر بھتہ خوری، متعدد فائرنگ کے واقعات، تشدد، اور بین الاقوامی سطح پر منشیات کی بڑے پیمانے پر اسمگلنگ سمیت مختلف سنگین جرائم کے الزامات عائد کیے گئے ہیں۔ حکام کے مطابق "آپریشن ہارڈ بال" کے دوران امریکا، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

صوبہ سندھ کے تعلیمی بورڈز میں ای مارکنگ اور ڈیجیٹلائزیشن کا آغاز

کراچی (آئی این پی) سندھ حکومت نے سندھ سیکنڈری ایجوکیشن امپروومنٹ پروجیکٹ کے تحت صوبے کے تمام تعلیمی بورڈز میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور عالمی معیار کے امتحانی نظام کے نفاذ کا فیصلہ کیا ہے۔ منصوبے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

امام حسین کی شہادت وتعلیمات ناقابل فراموش ہیں، ہاشم حقانی

مظلومیت کا انکار ناممکن آپ نے قربانی دیکر اسلام کی عظمت کو زندہ جاوید کر دیا

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) امام حسین علیہ السلام کی شہادت وتعلیمات ناقابل فراموش ہیں۔ علامہ ہاشم حقانی۔ شہادت امام حسین علیہ السلام ظاہراً ہے اور باطناً یہ شہادت نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی کی اہل ایمان قیامت تک یاد سیدنا امام حسن علیہ السلام کو مناتے رہیں گے۔ امام حسین علیہ السلام کسی ایک فرقہ کے نہیں پوری امت مسلمہ کے امام ومقتداء ہیں، آپکی مظلومیت کا انکار ناممکن ہے آپ قربانی دیکر اسلام کی عظمت کو زندہ جاوید کر دیا ان خیالات کا اظہار ممتاز عالم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

ایران میں میناب سکول کو نشانہ بنایا گیا، سی این این کا انکشاف

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی نشریاتی ادارے سی این این نے انکشاف کیا ہے کہ پرانی انٹیلی جنس رپورٹ کے باعث ایران میں میناب اسکول کو نشانہ بنایا گیا۔ سی این این کی رپورٹ کے مطابق امریکی فوج نے پرانی انٹیلی جنس رپورٹ سے متعلق انتبا کے باوجود ایرانی اسکول کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

بھارت میں 13 سالہ لڑکی سے 30 افراد کی زیادتی

نئی دہلی (آئی این پی) بھارتی ریاست راجستھان کے ضلع سری گنگا نگر میں انسانی سمگلنگ اور جنسی زیادتی کا ایک ہولناک واقعہ پیش آیا ہے۔ بھارتی میڈیا نے رپورٹ کیا ہے کہ یہ واقعہ اس وقت سامنے آیا جب لڑکی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

راجہ بازار کی احسن اقدام، تاجروں کے مسائل حل کیے جائیں، انجم بھٹی

مسائل کے مستقل حل کیلئے فوری اور موثر اقدامات کو یقینی بنائیں، صدر انجمن تاجران

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) صدر مرکزی انجمن تاجران اتفاق انصاف گروپ راجہ بازار انجم پرویز بھٹی نے کہا ہے کہ 2018 کے بعد انجمن تاجران کے انتخابات منعقد نہیں ہوئے، جبکہ موجودہ باڈی اپنی آئینی مدت مکمل کر چکی ہے فوری طور پر نئی ووٹر لسٹیں تیار کی جائیں، ایک غیر جانبدار اور بااختیار الیکشن کمیشن تشکیل دیا جائے اور شفاف، آزاد اور منصفانہ انتخابات کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

راولپنڈی، انجمن تاجران راجہ بازار کے صدر انجم پرویز بھٹی ودیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جنوبی کشمیر: شوپیاں چھانہ پورہ میں بھارتی فوج نے بے گناہ کشمیری نوجوان کو شہید

محاصرے اور سرچ آپریشن کے دوران چھانہ پورہ میں ایک نوجوان کی لاش برآمد، صورتحال تاحال انتہائی کشیدہ

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی فوج نے جنوبی کشمیر میں ایک کشمیری نوجوان کو شہید کر دیا ہے۔ ضلع شوپیاں کے علاقے چھانہ پورہ میں گذشتہ پانچ روز سے جاری آپریشن میں قابض بھارتی فوج کی راشٹریہ رائفلز بدنامِ زمانہ خصوصی آپریشن گروپ اور سی آر پی ایف کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

ڈی آئی جی جواد طارق کی کھلی کچہری، احکامات صادر

شہریوں کے مسائل کا میرٹ پر فوری حل ہماری اولین ترجیح ہے، گفتگو

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے حل کے لئے پرعزم۔ ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنے، انہوں نے افسران کو شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے احکامات جاری کئے، شہریوں کے مسائل کا میرٹ پر فوری حل ہماری اولین ترجیح ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسلام آباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

یوسی دھاماں سیداں، ٹف ٹائل سڑک کی بحالی کے معاملے پر جرگہ آج ہوگا

اڈیالہ (نامہ نگار) پاکستان آئل فیلڈ کی جانب سے ٹف ٹائل سڑک کی بحالی میں تاخیر، کل گرینڈ جرگہ طلب۔ یونین کونسل دھاماں سیداں کی عوامی خدمت کمیٹی کے زیر اہتمام پاکستان آئل فیلڈ (POL) کی ٹف ٹائل سڑک کی بحالی کے معاملے پر آج شام 6 بجے ممتاز مارکیٹ، اڈیالہ روڈ پر اہلیانِ دھاماں سیداں کا ایک گرینڈ جرگہ منعقد ہوگا۔ عوامی خدمت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

راولپنڈی، سابق سی پی او کی ٹیم میں تبدیل ہونا شروع

مزید دو ایس پیز، دو ایس ڈی پی اوز اور دس ایس ایچ اوز کی تبدیلی کا امکان

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پولیس میں بڑے پیمانے پر اکھاڑ پچھاڑ، سابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ٹیم میں شامل افسران تبدیل ہونا شروع نئے سی پی او اور راولپنڈی ڈی آئی جی حسن مشتاق سکھیرا کی آمد کے بعد راولپنڈی پولیس میں بڑے پیمانے پر انتظامی تبدیلیوں کا آغاز ہو گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ٹیم میں شامل افسران کو مرحلہ وار تبدیل کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سابق سی پی او کے آخری احکامات کی روشنی میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

آج دنیا کی 99 فیصد آبادی ایک ساتھ روشنی کا تجربہ کریگی

لندن/واشنگٹن (صباح نیوز): زمین کے اپنے محور پر جھکاؤ اور شمالی نصف کرہ (Northern Hemisphere) میں گرمیوں کے موسم کی مخصوص ٹائمنگ کے باعث، آج 8 جولائی کو گرینچ ٹائم کے مطابق صبح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

پیپلز پارٹی کا 40 سال بعد مینارِ پاکستان میں جلسہ کرنے کا اعلان

لاہور (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی نے 40 سال بعد مینارِ پاکستان لاہور میں جلسہ کرنے کا اعلان کر دیا۔ پارٹی قیادت کے مطابق 25 جولائی کو مینارِ پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

ملتان، ایک بڑھئی لکڑی کی شیٹ پر مختلف انواع واقسام کے خطاطی اور دیگر نقوش تراش رہا ہے

ہندو انتہا پسند تنظیم کے مذموم مقاصد کیا ہیں؟ امریکی جریدہ

واشنگٹن (کے ایم ایس) بھارت میں قائم غیر رجسٹرڈ ہندو انتہا پسند تنظیم آر ایس ایس کے پس پردہ مذموم عزائم سامنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

پی آئی اے پنشنرز کو شدید مشکلات کا سامنا

پنشنرز کے مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے، سید طاہر حسن

اڈیالہ (نامہ نگار) نجکاری کے بعد پی آئی اے پنشنرز کو شدید مشکلات کا سامنا، پنشن، علاج اور رعایتی سفری سہولیات کے تحفظ کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کی قومی فضائی کمپنی پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (PIA) کی نجکاری کے بعد ریٹائرڈ ملازمین اور پنشنرز کو پنشن، علاج معالجے اور دیگر مراعات کے حوالے سے مختلف مشکلات کا سامنا ہے۔ پی آئی اے ریٹائرڈ ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر سید طاہر حسن نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ پنشنرز کے مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ قیامِ پاکستان کے بعد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

نیٹو سویڈن سے 5.4 ارب ڈالر تک مالیت کے 10 گلوبل آئی نگرانی طیارے خریدے گا

برسلز (آئی این پی) نیٹو نے فضائی نگرانی کے نظام کو جدید بنانے کیلئے اہم فیصلہ کرتے ہوئے امریکی کمپنی بوئنگ کے بجائے سویڈن کی دفاعی کمپنی صاب کے گلوبل آئی طیاروں کا انتخاب کر لیا ہے۔ اس فیصلے کو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے لئے سفارتی اور دفاعی میدان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد میں سمیڈا کے مرکزی دفتر کا افتتاح

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار معاشی ترقی کا بنیادی ستون، ہارون اختر

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) وزیراعظم کے معاونِ خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے اسلام آباد میں سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) کے نئے مرکزی دفتر کا افتتاح کیا۔ یہ اقدام پاکستان میں خرد، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایم ایس ایم ایز) کی معاونت کے لیے حکومتی ادارہ جاتی نظام کو مزید مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم سنگِ میل ہے۔ افتتاحی تقریب میں وزارتِ صنعت و پیداوار کے سیکریٹری سیف انجم، سمیڈا کی چیف ایگزیکٹو افسر نادیہ جے سیٹھ، سمیڈا کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اراکین اور وزارت کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ہارون اختر خان نے کہا کہ وزیراعظم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

عاصم طارق شہید کو ہر انسان سلام انسانیت پیش کر رہا ہے، محمد سلیم

گروپ کیپٹن کی شہادت سے ہر انسان سوگوار ہے، محمد شہباز، لغاری



اسلام آباد (سٹی رپورٹر) خدمت انسانیت پارٹی پاکستان کے رہنماؤں محمد سلیم لغاری اور محمد شہباز بانی ای کیو کیو این نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں پیش آنیوالا واقعہ جہاں ایک شیطان فطرت کے حامل نوجوان کے ہاتھوں ایک خاتون کو شیطانیت کی بھینٹ چڑھنے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

زمرد خان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، ملک افتخار، آغا ریاست

بے سہارا بچوں کی کفالت کیلئے دن رات ایک کیا کئی سویٹ ہوم میں مستفید ہو رہے ہیں

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ ن کے ملک افتخار احمد MPA اور سماجی شخصیت آغا ریاست علی سویٹ ہوم دورے کے موقع پر نے زمرد خان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ سویٹ ہوم کے بچوں سے ملاقات کر کے ہمیں خوشی ہوئی زمرد خان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں انہوں نے ان بے سہارا بچوں کی کفالت کیلئے دن رات ایک کیا اور آج کئی بچے سویٹ ہوم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے، جاوید نائیک

دنیا میں رسوائی کے بعد بھارت اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آیا ہے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) بلوچستان میں سیکیورٹی اداروں کے بہادر جوانوں نے بھارت نواز چون دہشت گرد حملہ آوروں کو جہنم واصل کر کے یہ ثابت کر دیا ہے کہ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے اور پاکستان کی افواج کے سپہ سالار دنیا کے بہترین سپہ سالار میں سے ایک ہیں ان خیالات کا اظہار اور اسلام آباد کی مشہور سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری جاوید نائیک آف سہالہ نے اپنے بیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

بلدیہ اہلکار کا کاروباری طبقے کو ہراساں کرنیکا انکشاف

ڈپٹی کمشنر اور کمشنر راولپنڈی سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

گوجرخان (بیورو رپورٹ) بلدیہ گوجرخان کے اہلکار مبینہ طور پر پرائس کنٹرول مجسٹریٹ بن گئے، دودھ، دہی اور تندور مالکان میں خوف و ہراس "چیف آفیسر بلا رہے ہیں" کے پیغامات، کاروباری طبقے کو مبینہ طور پر ہراساں کیے جانے کے الزامات، ڈپٹی کمشنر اور کمشنر راولپنڈی سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق گوجرخان میں بلدیہ کے بعض اہلکاروں کی جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

گوجرخان، بجلی کے لٹکتے تار شہریوں کیلئے موت کا جال بن گئے

ایکسین اور ایس ڈی کی مبینہ غفلت،، چیف آئیسکو سے نوٹس لینے کا مطالبہ

گوجرخان (بیورو رپورٹ) ایکسین اور ایس ڈی او واپڈا گوجرخان کی مبینہ غفلت، شہر بھر میں بجلی کے لٹکتے تار شہریوں کے لیے موت کا جال بن گئے، چیف آئیسکو سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق گوجرخان شہر اور گردونواح میں بجلی کی ترسیلی لائنوں کی انتہائی ابتر حالت نے شہریوں کی زندگیوں کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ مختلف شاہراہوں، بازاروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

آئی جی اسلام آباد پولیس کا بھرتی کے امور کا جائزہ

تمام مراحل میرٹ اور پیشہ ورانہ انداز میں بروقت مکمل کرنیکی ہدایات

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) آئی جی اسلام آباد پولیس سید علی ناصر رضوی کا اسلام آباد پولیس کی جاری بھرتی کے عمل، شفافیت، میرٹ، انتظامی امور اور امیدواروں کو سہولت کی فراہمی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ۔ آئی جی اسلام آباد نے تمام سینئر افسران کو بھرتی کے تمام مراحل کو مکمل شفافیت، میرٹ اور پیشہ ورانہ انداز میں بروقت مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

وسائل محدود، بڑھتی آبادی سے ترقی کی رفتار سست پڑتی ہے، امتیاز حیدر

بڑھتی آبادی آئندہ نسلوں کے مستقبل کیلئے سنگین چیلنج بن چکے، مقررین ہمدرد اجلاس

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) صدر ہمدرد فاؤنڈیشن پاکستان محترمہ سعدیہ راشد کے تجویز کردہ موضوع "بڑھتی ہوئی آبادی اور کم ہوتے وسائل: ایک لمحہ فکریہ" پر اجلاس ہمدرد مرکز راولپنڈی میں اسپیکر ہمدرد شوریٰ امتیاز حیدر کی زیرِ صدارت منعقد ہوا اس موقع پر صدر ہمدرد فاؤنڈیشن پاکستان نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی اور محدود (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

مانسہرہ، متعدد تھانوں کے ایس ایچ اوز تبدیل

انتظامی امور کے حوالہ سے مزید افسران کے تبادلوں وتعیناتیوں کے امکانات

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ، متعدد تھانوں کے ایس ایچ اوز تبدیل، انسپکٹر طارق خان تھانہ شنکیاری، عاصم بخاری تھانہ بفہ، محمد مسکین تھانہ نواز آباد، وقاص خان تھانہ دربند، گلنواز خان تھانہ پارس، اشعر مشتاق تھانہ بالاکوٹ تعیناتی کے احکامات جاری، مزید تبادلوں وتعیناتیوں کے بھی امکانات، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ میں کئی ایس ایچ اوز کے تبادلے کر دیئے ہیں ذرائع کے مطابق ڈی پی او مانسہرہ محمد اظہر خان نے ضلع بھر میں انتظامی امور کو مزید مؤثر بنانے کے لیے متعدد تھانوں کے ایس ایچ اوز کے تبادلوں کے احکامات جاری کر دیے انسپکٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کا سینٹ گیبریل اسکول کی فوری بحالی کا مطالبہ

کرسچن ریپریزنٹیٹوز الائنس کا رابطہ، سینٹ گیبریل اسکول کے تحفظ کے لیے مشترکہ مؤقف

کوئٹہ (سپیشل رپورٹر) آل پارٹیز کرسچن ریپریزنٹیٹوز الائنس کی ایگزیکٹو اراکین نے چیئرمین ولیم برکت کی سربراہی میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی دفتر کا دورہ کیا۔ وفد میں جنرل سیکریٹری طارق گل، انفارمیشن سیکریٹری اکرم گل، امیر جاوید، یونس مسیح اور کیون یونس شامل تھے۔ وفد نے پارٹی کے مرکزی سیکریٹری جنرل عبدالرحیم زیارتوال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

معاون خصوصی ہارون اختر، سیکریٹری وزارتِ صنعت و پیداوار سیف انجم، سمیڈا کی چیف ایگزیکٹو افسر نادیہ جے سیٹھ، بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ہمراہ دفتر کا افتتاح کر رہے

PAC پنجاب آڈٹ رپورٹ میں غیر معیاری میٹریل کی مہنگے داموں خریداری کا انکشاف

ٹینڈرز کے مطابق کام کروانا آپ کی ذمہ داری، چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی انکوائری کے بعد رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

واسا انجینیئر کی وجہ سے سرکاری خزانے کا ضیاع ہو رہا، افتخار چھچھر، ٹھیکیداروں کے کام مکمل نہ کرنے سے لاگت بڑھی، ڈی جی واسا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب اسمبلی میں پبلک اکاؤنٹس کمیٹی۔I کے اجلاس کے دوران آڈٹ رپورٹ میں غیر معیاری میٹریل کی مہنگے داموں خریداری کا انکشاف ہوا ہے۔ اجلاس کی صدارت چیئرپرسن چوہدری افتخار حسین چھچھر نے کی، میٹنگ میں پنجاب اسمبلی اور دیگر سرکاری محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ہاؤسنگ، اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ ذیلی ادارے واسا سمیت دیگر محکموں آڈٹ پیراز کا جائزہ لیا گیا۔ محکمہ واسا کے مین ہولز کی زائد پیمائش کے باعث اضافی ادائیگیوں پر ڈی جی واسا کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

تہران سے لاہور آنیوالی ایرانی پرواز کو لینڈنگ کی اجازت نہ مل سکی

لاہور (آئی این پی) ایران کے دارالحکومت تہران سے لاہور آنے والی ایرانی ایئر لائن کی خصوصی پرواز کو لینڈنگ کی اجازت نہ مل سکی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایوی ایشن ذرائع کا کہنا ہے کہ ایرانی ایئر لائن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

ٹرمپ کا پاگل پن دنیا تباہ کر دے گا، خادم طاہر

اسلام آباد (نامہ نگار) المصطفیٰ رائٹرز فورم کے سربراہ سردار خادم طاہر نے امریکہ کی طرف جنگ بندی کے باوجود ایران پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

مشرق وسطی میں دوبارہ کشیدگی سٹاک مارکیٹ میں شدید مندی

کراچی (آئی این پی) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں کاروبار کے دوران شدید منفی رجحان ریکارڈ کیا گیا ہے۔ کاروباری ہفتے کے تیسرے روز کاروبار کے آغاز پر سٹاک ایکسچینج میں شدید مندی دیکھنے میں آئی ہے، 2700 سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

پاکستان میں سیلابوں کی نوعیت تیزی سے تبدیل ہو رہی، امیر محی الدین

موسمیاتی بحران سے نمٹنے کیلئے انسان اور فطرت دونوں کا تحفظ ضروری، فرزانہ نائیک

راولپنڈی: ہمدرد شوریٰ اجلاس کے اختتام پر اراکین ہمدرد شوریٰ کا اسپیکر امتیاز حیدر کے ہمراہ گروپ فوٹو

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) موسمیاتی تبدیلی حیاتیاتی تنوع کے تحفظ اور قدرتی آفات کے بڑھتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کے لیے ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان اور ہلالِ احمر پاکستان کے اشتراک سے اسلام آباد میں دو روزہ قومی سیمینار منعقد ہوا سیمینار میں حکومتی نمائندوں ترقیاتی شراکت داروں ماہرین تعلیم سول سوسائٹی نجی شعبے اور انسانی ہمدردی کی تنظیموں نے شرکت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

حاجی عثمان کی سالگرہ کی تقریب، صحافی وسماجی شخصیات کی شرکت

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے شرکت کی

جدہ (بیورو رپورٹ) جدہ میں معروف کاروباری و سماجی شخصیت حاجی عثمان کی سالگرہ کی تقریب نہایت جوش وخروش اور خوشگوار ماحول میں منعقد ہوئی، جس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

راولپنڈی کی مصروف شاہراہ سکستھ روڈ پر بے ہنگم موٹر سائیکل پارکنگ اور تجاوزات، لٹکتی دیواریں انتظامیہ کی کارکردگی کا منہ چڑھا رہی ہے

ڈینگی کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل کیا جائے، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی

ڈسٹرکٹ ایمرجنسی اینڈ ریسپانس کمیٹی برائے انسداد ڈینگی کا اجلاس، آگاہی مہم اور مختلف محکموں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ

حساس مقامات کی نگرانی، بین المحکمہ جاتی رابطہ ڈینگی کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے ناگزیر ہے، محکمے متحرک رہیں، ندیم ناصر

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی اینڈ ریسپانس کمیٹی برائے انسداد ڈینگی کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر نگرانی منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر عبدالرحمن خان، چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ، ضلعی انتظامیہ، محکمہ صحت اور دیگر متعلقہ محکموں کے نمائندہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع بھر میں انسدادِ ڈینگی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

خواجہ سلمان رفیق کا ریسکیو 1122 ہیڈکوارٹر کا دورہ

لاہور (صباح نیوز) صوبائی وزیر صحت و ایمرجنسی سروسز خواجہ سلمان رفیق نے ریسکیو 1122 ہیڈ کوارٹر کا خصوصی دورہ کیا اور فلڈ پریپیئرڈنیس اور ریسکیو کی استعداد کار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ خواجہ سلمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

جیٹور کیپیٹل کے راولپنڈی میں نئے شوروم کا افتتاح

جدید جیٹور T2 PHEV متعارف: آٹوموٹیو ٹیکنالوجی میں جدت کا سنگِ میل قرار

راولپنڈی (خصوصی رپورٹ) جیٹور کیپیٹل نے مین جی ٹی روڈ، ٹی چوک راولپنڈی میں اپنے نئے اور جدید شوروم کا باضابطہ افتتاح کرتے ہوئے پاکستان میں پہلی مرتبہ جیٹور T2 پلگ اِن ہائبرڈ الیکٹرک وہیکل (PHEV) متعارف کرا دی۔ یہ اقدام پاکستان میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

SHEHAR NAMA Islamabad
شہرنامہ اسلام آباد

شکایات سیل

- آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
- آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
- آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
- آپ کا حق تلف کیا گیا
- آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
- آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
- آپ اگر قبضہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
- آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
- آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
- یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
شہکی پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل انک ویدرپروف پرنٹس
ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزٹنگ کارڈ، لیٹر پیڈ، سائن بورڈ، ٹائی، فائل، بل بکس، سکول کاپی، پارٹی پرچم، اشتہارات، بروشرز، سکول ڈائری، سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083